غزوۂ بنی سلیم، غزوۂ بنی قینقاع، غزوۂ سویق، غزوۂ غطفان، غزوۂ نجران اور

غزوۂ احد

# غزوات کوئیز (حصہ دوّم)

مؤلف

مولانا غیاث احمد رشادی

ناشر

مکتبہ سبیل الفلاح ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر اسوسی ایشن، رجسٹرڈ۔ ۶۷۵

واحد نگر، قدیم ملک پیٹ، حیدرآباد، انڈیا۔ فون وفیاکس: 040-24551314

ویب سائٹ : www.payaamerashadi.org

ای میل : rashadibooks@gmail.com

قانونی انتباہ　　مصنف سے تحریری اجازت کے بعد اس کتاب کی اشاعت کی اجازت ہے


| | |
|---|---|
| نام کتاب | غزوات کوئیز (حصہ دوّم) |
| مؤلف | مولانا غیاث احمد رشادی |
| صفحات | ......۵۶...... |
| پہلا ایڈیشن | جولائی ۲۰۰۶ء　جمادی الثانی / ۱۴۲۷ھ |
| تعداد اشاعت | ایک ہزار |
| ٹائٹل وکمپیوٹر کمپوزنگ | محمد مجاہد خان، رشادی کمپیوٹر سنٹر، واحد نگر، قدیم ملک پیٹ، حیدرآباد۔فون:9985359583 |
| قیمت | Rs.15/- روپے |

## ناشر

**مکتبہ سبیل الفلاح ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر اسوسی ایشن، رجسٹرڈ۔۶۷۵**

متصل مسجد الفلاح، واحد نگر، قدیم ملک پیٹ، حیدرآباد، انڈیا۔فون 24551314، سیل:9849064724

ویب سائٹ:www.payaamerashadi.org

ای میل:garashadi@gmail.com

## ملنے کے پتے

- مکتبہ سبیل الفلاح ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر اسوسی ایشن، قدیم ملک پیٹ، حیدرآباد-فون:24551314
- دکن ٹریڈرس، مغل پورہ، حیدرآباد.
- فرید بک ڈپو، نئی دہلی، ممبئی، مدراس-
- کمرشیل بک ڈپو، چارمینار، حیدرآباد -
- ہدیٰ بک ڈسٹری بیوٹرس، پرانی حویلی روڈ، حیدرآباد-
- ہندوستان پیپر ایمپو ریم مچھلی کمان، حیدرآباد-
- کلاسک آٹومیٹیو، 324، سی۔ایم۔ایچ۔روڈ، اندرانگر، بنگلور-
- رشادی بک سنٹر، مسجد باگ سوار، مجسٹک، بنگلور-
- محمد مجاہد خان، نزد مسجد اکبری، اکبر باغ، ملک پیٹ. فون:9985359583

# ﴿ وجہ ترتیب ﴾

الحمدللہ غزوات کوئیز حصہ دوّم بھی حصہ اوّل کے ساتھ ہی منظر عام پر آ رہی ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے کہ مسبب الاسباب نے اس کی اشاعت کے اسباب بھی پیدا کر دیئے، دنیا میں جتنے کام پایۂ تکمیل کو پہنچے ہیں اور پہنچتے ہیں، وہ سب اللہ تعالیٰ کے اِرادہ سے ہمارا کام کوشش ہے اور کاموں کی تکمیل اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہے۔

اَلسَّعْیُ مِنَّا وَالْاِ تْمَامُ مِنَ اللّٰہ O

غزوات کوئیز حصہ اوّل میں تاریخ اسلام کے ابتدائی چھوٹے چھوٹے غزوات کے علاوہ سب سے بڑے غزوہ یعنی غزوۂ بدر کی تفصیلات تھیں، غزوات کوئیز حصہ دوّم میں غزوۂ بدر کے بعد کے چھوٹے چھوٹے غزوات کے ساتھ تاریخی غزوہ یعنی غزوۂ احد کی تفصیلات پیش ہیں۔

اللہ تعالیٰ اس محنت کو قبولیت وافادیت سے نوازے۔ آمین۔

**غیاث احمد رشادی**

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# غزوۂ بنی سلیم

1 : بدر سے فاتحانہ واپسی کے چند ماہ بعد بنی سلیم اور بنی غطفان کے بارے میں کیا اطلاع ملی؟

ج : بدر سے فاتحانہ واپسی کے چند ماہ بعد یہ اطلاع ملی کہ بنی سلیم اور بنی غطفان کے لوگ مقابلہ کے لئے جمع ہو رہے ہیں۔

2 : حضورﷺ نے غزوۂ بنی سلیم کے لئے نکلتے وقت کس کو اپنا نائب بنایا؟

ج : حضورﷺ نے غزوۂ بنی سلیم کے لئے نکلتے وقت حضرت عبداللہ ابن ام مکتومؓ کو اپنا نائب مقرر فرمایا، بعض نے حضرت سباع بن عرفطہؓ غفاری کا نام بھی لکھا ہے۔

3 : حضورﷺ غزوۂ بنی سلیم کے لئے کتنے مجاہدین کے ساتھ روانہ ہوئے؟

ج : حضورﷺ غزوۂ بنی سلیم کے لئے (۲۰۰) مجاہدین کے ساتھ روانہ ہوئے۔

4 : غزوۂ بنی سلیم کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج : غزوۂ بنی سلیم کا دوسرا نام غزوۂ قرقرۃ الکدر ہے۔

5 : ماء الکدر کیا ہے؟

ج : ماء الکدر بنی سلیم اور بنی غطفان کے چشموں میں سے ایک چشمہ ہے۔

6 : غزوۂ بنی سلیم کے علمبردار کون تھے؟

ج : غزوۂ بنی سلیم کے علمبردار حضرت علیؓ تھے۔

7 : ماء الکدر کس مقام سے قریب ہے؟

ج : ماء الکدر مکہ اور مدینہ کے درمیان بئر معونہ کے قریب ہے۔

8 : ماء الکدر مدینہ سے کتنے میل کے فاصلہ پر ہے؟

ج : ماء الکدر مدینہ سے (۹۶) میل کے فاصلہ پر ہے۔

9 : حضورﷺ جب اس مقام پر پہنچے تو کیا بنی سلیم کے لوگوں سے مدبھیڑ ہوئی؟

ج : بنی سلیم کے لوگ حضور ﷺ کو کہیں نہیں ملے۔

10 : غزوۂ بنی سلیم کس سن میں پیش آیا؟

ج : غزوۂ بنی سلیم ۲ / سن ہجری میں پیش آیا۔

11 : حضور ﷺ نے غزوۂ بنی سلیم کے موقع پر ماء الکدر میں کتنے دن قیام فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے ماء الکدر پر تین دن قیام فرمایا پھر واپس ہو گئے۔

12 : غزوۂ بنی سلیم میں حضور ﷺ کو کتنے اونٹ ملے؟

ج : غزوۂ بنی سلیم میں حضور ﷺ کو پانچ سو اونٹ ملے۔

13 : غزوۂ بنی سلیم میں جو غلام پکڑا گیا جس کو حضور ﷺ نے آزاد کر دیا اس کا نام کیا تھا؟

ج : اس غلام کا نام یسار تھا جس کو حضور ﷺ نے آزاد کر دیا۔

14 : غزوۂ بنی سلیم کے مالِ غنیمت میں خمس نکالنے کے بعد ہر ایک مجاہد کو کتنے اونٹ ملے؟

ج : ہر ایک مجاہد کو دو دو اونٹ ملے۔

15 : غزوۂ بنی سلیم کس سن میں پیش آیا؟

ج : غزوۂ بنی سلیم ۲ / سن ہجری میں پیش آیا۔

# غزوۂ بنو قینقاع

16 : مدینہ میں یہودیوں کے کتنے قبیلے آباد تھے؟

ج : مدینہ میں یہودیوں کے تین قبیلے آباد تھے۔

17 : مدینہ میں آباد یہودیوں کے تین قبیلوں کے نام کیا ہیں؟

ج : مدینہ میں آباد یہودیوں کے تین قبیلوں کے نام یہ ہیں:

(۱) بنی قینقاع (۲) بنی قریظہ (۳) بنی نضیر

18 : یہودیوں کے تینوں قبیلوں میں کونسا قبیلہ دلیر، بہادر اور دولت مند تھا۔

ج : قبیلۂ بنو قینقاع سب سے زیادہ دلیر، بہادر اور دولت مند تھا۔

19 : یہودیوں کے تینوں قبیلوں میں کونسا قبیلہ زیادہ بدمعاش اور فتنہ انگیز تھا؟

ج : یہودیوں کے تینوں قبیلوں میں بنی قینقاع زیادہ بدمعاش اور فتنہ انگیز تھا۔

20 : یہودیوں کا کونسا قبیلہ سونے چاندی کی تجارت میں مشہور تھا؟

ج : یہودیوں کا قبیلہ بنی قینقاع سونے چاندی کی تجارت میں مشہور تھا۔

21 : غزوۂ بنوقینقاع کس سن میں پیش آیا تھا؟

ج : غزوۂ بنوقینقاع سن ۲ ہجری میں پیش آیا تھا۔

22 : قبیلۂ بنی قینقاع کے عالموں میں وہ کونسے عالم تھے جو بعد میں مسلمان ہوئے؟

ج : قبیلۂ بنی قینقاع کے عالموں میں حضرت عبداللہ بن سلامؓ تھے جو ہجرت کے ابتدائی دنوں میں ایمان لے آئے۔

23 : حضور ﷺ جب میدانِ بدر میں تھے تو قینقاع کے بازار میں کیا واقعہ پیش آیا تھا؟

ج : یہودیوں کے ایک محلّہ میں ایک مسلمان عورت سے یہودیوں نے چھیڑ چھاڑ کی، عورت نے چیخ پکار کی تو ایک مسلمان نے اس سنار کو مار ڈالا جس نے شرارت کی تھی جواب میں یہودیوں نے اس مسلمان کو شہید کر دیا تو نتیجہ میں فساد ہو گیا۔

24 : حضور ﷺ کو جب بنوقینقاع کے بازار کے اس واقعہ کی اطلاع ملی تو حضور ﷺ نے کیا کہا

ج : حضور ﷺ نے یہودیوں کو قینقاع کے بازار میں جمع ہونے کا حکم دیا اور فرمایا، اے گروہِ یہود! اللہ سے ڈرو اگر تم نے مسلمانوں کی ایذا رسانی سے ہاتھ نہ روکا اور معاہدہ پر عمل پیرا نہ رہے تو کہیں تم لوگ قریش کی سی سزا کا نشانہ نہ بنو، اسلام لے آؤ تم اچھی طرح جانتے ہو کہ میں اللہ کا نبی ہوں جس کا تذکرہ تمہاری کتابوں میں بھی موجود ہے۔

25 : حضور ﷺ نے جب یہودیوں کو شرارت سے باز آنے کا حکم دیا تو یہودیوں نے کیا کہا؟

ج : یہودیوں نے کہا ہمیں قریش کی طرح کمزور نہ سمجھنا وہ لڑنا نہیں جانتے تھے ہم سے پالا پڑے تو پتہ چل جائے گا کہ لڑائی کسے کہتے ہیں۔

26 : جب یہودی مسلمانوں کے خلاف کھل کر عہد شکنی پر اتر آئے تو حضور ﷺ نے کیا کہا؟

ج : حضور ﷺ ان یہودیوں کی سرکوبی کے لئے مسلمانانِ مدینہ کے ساتھ روانہ ہوئے۔

27 : حضور ﷺ غزوۂ قینقاع کے لئے کس تاریخ کو روانہ ہوئے؟

ج : حضور ﷺ غزوۂ قینقاع کے لئے پندرہ شوال، ۲؍سن ہجری کو روانہ ہوئے۔

28 : حضور ﷺ نے غزوۂ قینقاع کی روانگی سے قبل کس کو مدینہ میں اپنا نائب بنایا؟

ج : حضور ﷺ نے حضرت ابولبابہ بن منذر یا حضرت بشیر بن عبدالمنذر کو مدینہ میں اپنا نائب مقرر کیا تھا

29 : غزوۂ بنی قینقاع میں علمبردار کون تھے؟

ج : غزوۂ بنی قینقاع میں علمبردار حضرت امیر حمزہؓ تھے۔

30 : جب یہودیوں نے مسلمانوں کے لشکر کو دیکھا تو کیا کیا؟

ج : یہودی قلعہ میں بند ہو گئے۔

31 : مسلمانوں نے غزوۂ قینقاع میں یہودیوں کو کتنے دن تک محاصرہ میں رکھا؟

ج : مسلمانوں نے غزوۂ قینقاع میں یہودیوں کو پندرہ دن تک محاصرہ میں رکھا۔

32 : جب یہودیوں کے دلوں میں مسلمانوں کا رعب طاری ہو گیا تو انہوں نے کیا کیا؟

ج : یہودیوں نے محاصرہ کی تاب نہ لا کر ہتھیار ڈال دیئے اور حضور ﷺ کے ہر فیصلہ کو قبول کرنے کے لئے آمادہ ہو گئے۔

33 : حضور ﷺ نے محصور یہودیوں کے مردوں کو باندھنے کا حکم کس کو دیا؟

ج : حضور ﷺ نے محصور یہودیوں کے مردوں کو باندھنے کا حکم حضرت منذر بن قدامہؓ کو دیا۔

34 : قبیلۂ بنی قینقاع کے یہودی کس کے حلیف تھے؟

ج : قبیلۂ بنی قینقاع کے یہودی قبیلۂ بنی خزرج کے حلیف تھے۔

35 : بنی قینقاع کو معاف کر دینے کی سفارش کس نے کی؟

ج : بنی قینقاع کو معاف کر دینے کی سفارش حضور ﷺ سے منافقوں کے سردار عبداللہ بن ابی نے کی

36 : حضورﷺ نے کس صحابیؓ کو بنوقینقاع کے بارے میں فیصلہ کرنے کا اختیار دیا؟

ج : حضورﷺ نے حضرت عبادہ بن صامتؓ کو ان کے حق میں فیصلہ کرنے کا اختیار دیا۔

37 : بنوقینقاع کے بارے میں حضرت عبادہ بن صامتؓ نے کیا فیصلہ فرمایا؟

ج : حضرت عبادہ بن صامتؓ نے یہ فیصلہ دیا کہ بنی قینقاع مدینہ چھوڑ کر چلے جائیں، گھریلو چیزیں جس قدر لے جاسکتے ہیں ساتھ رکھ لیں، جنگی سامان ساتھ نہ لے جائیں۔

38 : کیا بنوقینقاع نے حضرت عبادہ بن صامت کے فیصلہ پر عمل کیا؟

ج : ہاں! بنوقینقاع نے اس فیصلہ پر عمل کیا اور اونٹوں پر اپنا سامان حتیٰ کہ گھر کے دروازے تک اکھاڑ کر لے گئے۔

39 : بنوقینقاع کے یہودی کس طرف چلے گئے؟

ج : بنوقینقاع کے یہودی ملک شام کی طرف اذرعات کے علاقہ میں چلے گئے۔

40 : غزوۂ بنی قینقاع کے مالِ غنیمت میں مسلمانوں کو کیا ملا؟

ج : غزوۂ بنی قینقاع کے مال غنیمت میں مسلمانوں کو بہت سے ہتھیار اور سامان ملا۔

40 : غزوۂ بنی قینقاع کے مال غنیمت کو کس طرح تقسیم کیا گیا؟

ج : غزوۂ بنی قینقاع کے مال غنیمت میں پہلے خمس پانچواں حصہ نکالا گیا باقی چار حصے مجاہدین میں تقسیم کئے گئے۔

42 : غزوۂ بنی قینقاع کے مال غنیمت میں سے حضورﷺ نے اپنے لئے کیا پسند فرمایا؟

ج : غزوۂ بنی قینقاع کے مال غنیمت میں سے حضورﷺ نے اپنے لئے تین کمانیں، دوزرہیں تین تلواریں اور تین نیزے پسند فرمائے۔

43 : غزوۂ قینقاع کے مال غنیمت میں جو تین کمانیں حضورﷺ کو پسند آئیں ان کے نام کیا ہیں؟

ج : ان تینوں کمانوں کے نام یہ ہیں: کستوم، روحاء، بیضاء

44 : غزوۂ قینقاع کے مال غنیمت میں جو تین تلواریں حضورﷺ کو پسند آئیں ان کے نام کیا ہیں؟

ج : ان تین تلواروں کے نام یہ ہیں، قلعی، بتار، حتف

45 : غزوۂ قینقاع میں حضور ﷺ نے کن دو صحابۂ کرامؓ کو ایک ایک زرہ عطا فرمائی؟

ج : غزوۂ قینقاع میں حضور ﷺ نے حضرت محمد بن مسلمہؓ اور حضرت سعد بن معاذؓ کو ایک ایک زرہ عطا فرمائی۔

46 : بیضاء نامی وہ کمان جس کو حضور ﷺ نے پسند فرمایا تھا کس سے بنائی گئی تھی؟

ج : بیضاء نامی وہ کمان صنوبر کی لکڑی سے بنائی گئی تھی۔

47 : کستوم نامی کمان جو حضور ﷺ کو پسند آئی تھی وہ کس چیز سے بنی ہوئی تھی؟

ج : کستوم نامی کمان بانس کی بنی ہوئی تھی۔

48 : غزوۂ قینقاع میں صغد یہ نامی زرہ جو آپ ﷺ نے پسند فرمائی تھی یہ زرہ آپ ﷺ نے کس غزوہ میں زیب تن فرمائی؟

ج : حضور ﷺ نے یہ زرہ غزوۂ خیبر میں زیب تن فرمائی۔

49 : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۵۱) جس میں یہود و نصاری کو دوست بنانے سے روکا گیا اس آیت کے نازل ہونے کے بعد کس صحابی رسول نے حضور ﷺ کی خدمت میں آکر یہودیوں سے بیزارگی کا اظہار اور اہل ایمان کو اپنا دوست بنانے کا فیصلہ کیا۔

ج : حضرت عبادہ بن صامتؓ نے اس آیت کے نازل ہونے کے بعد حضور ﷺ کی خدمت میں آکر یہ بات بیان فرمائی۔

# غزوۂ سویق

50 : غزوۂ بدر کے بعد مکہ والوں کی تسکین کے لئے ابوسفیان نے کیا قسم کھائی تھی؟

ج : غزوۂ بدر کے بعد مکہ والوں کی تسکین کے لئے ابوسفیان نے یہ قسم کھائی کہ جب تک مدینہ پر حملہ نہ کروں گا غسل جنابت نہ کروں گا۔

51 : ابوسفیان نے مدینہ پر حملہ کرنے کی قسم کھانے کے بعد کیا اقدام کیا؟

ج : ابوسفیان نے اس کے بعد (۲۰۰) سواروں کے دستہ کے ساتھ نجد والی راہ اختیار کی۔

52 : ابوسفیان اپنے دستہ کے ساتھ کہاں خیمہ زن ہوا؟

ج : ابوسفیان اپنے دستہ کے ساتھ وادی قناۃ کے سرے پر واقع شیب نامی پہاڑ کے دامن میں خیمہ زن ہوا۔

53 : شیب نامی پہاڑ جہاں ابوسفیان دستہ کے ساتھ خیمہ زن ہوا مدینہ سے کتنے میل کے فاصلہ پر ہے۔

ج : یہ پہاڑ مدینہ سے بارہ میل کے فاصلہ پر ہے۔

54 : ابوسفیان اپنے ساتھیوں کو پہاڑ پر ٹھہرا کر کہاں روانہ ہوا؟

ج : ابوسفیان اپنے ساتھیوں کو ٹھہرا کر یہودیوں سے سازباز کے لئے تنہا حیی ابن اخطب کے گھر پر پہنچا۔

55 : ابوسفیان جب حیی ابن اخطب کے گھر پہنچا تو وہاں کیا معاملہ پیش آیا؟

ج : حیی ابن اخطب نے ابوسفیان کے لئے اپنے گھر کا دروازہ تک نہ کھولا۔

56 : جب ابوسفیان نے حیی ابن اخطب کو دیکھا کہ وہ اپنے گھر کا دروازہ تک نہیں کھول رہا ہے تو وہ اس کے بعد کس کے پاس پہنچا؟

ج : ابوسفیان اس کے بعد بنی نضیر کے سردار سلام بن مشکم کے پاس پہنچا۔

57 : ابوسفیان جب سلام بن مشکم کے پاس پہنچا تو اس نے کیا برتاؤ کیا؟

ج : سلام بن مشکم نے ابوسفیان کی پذیرائی کی اور شراب و کباب سے آو بھگت کی اور مدینہ کے اندرونی رازوں سے باخبر کیا۔

58 : ابوسفیان سلام بن مشکم کے پاس سے واپس ہوکر کس مقام پر کس انصاری صحابی کو شہید کیا؟

ج : ابوسفیان نے اس وقت ایک انصاری صحابی حضرت معبد بن عمرو اور کے مزدور کو شہید کر دیا

59 : حضور ﷺ کو جب ابوسفیان کی اس شرارت کی اطلاع ملی کہ اس نے ایک انصاری صحابی اوران کے مزدور کو شہید کر دیا تو کس کو مدینہ میں نائب بنایا؟

ج : حضور ﷺ نے اس وقت حضرت بشیر بن عبدالمنذ رکو اپنا نائب مقرر کیا۔

60 : حضور ﷺ ابوسفیان کے لشکر کا پیچھا کرنے کیلئے کتنے صحابہ کے ساتھ نکلے؟

ج : حضور ﷺ نے ۲۰۰ صحابہ کے ساتھ ابوسفیان کے لشکر کا پیچھا کرنے کے لئے نکلے

61 : حضور ﷺ کے فوجی دستہ نے کس مقام پر ابوسفیان کے دستہ پر حملہ کر دیا؟

ج : حضور ﷺ کے فوجی دستہ نے العریض نامی مقام پر ابوسفیان کے دستہ پر حملہ کر دیا۔

62 : جب مسلمانوں نے ابوسفیان کے دستہ پر حملہ کیا تو نتیجہ کیا نکلا؟

ج : نتیجہ یہ نکلا کہ ابوسفیان کا لشکر اپنا سامانِ سفر چھوڑ کر بھاگنے لگا اور اپنا بوجھ ہلکا کرنے کے لئے ستو کے تھیلے راستہ بھر پھینکتے چلے گئے۔

63 : اس غزوہ کو کیوں غزوۂ سویق نام دیا گیا؟

ج : اس لئے کہ اس غزوہ میں دشمنوں نے سویق یعنی ستو کے تھیلے راستہ بھر پھینکے تھے۔

64 : غزوۂ سویق میں حضور ﷺ کی فوج نے کہاں تک ابوسفیان کے دستہ کا تعاقب کیا؟

ج : مسلمانوں نے قرقرۃ الکدر تک ان کا تعاقب کیا مگر وہ بچ کر نکل گئے۔

65 : حضور ﷺ کس تاریخ کو غزوۂ سویق سے لوٹے؟

ج : حضور ذی الحجہ کی ۹ ؍تاریخ کو غزوۂ سویق سے لوٹے۔

66 : غزوۂ سویق سے واپسی کے کتنے دن بعد حضور ﷺ نے پہلی عید الاضحیٰ کی نماز پڑھائی؟

ج : غزوۂ سویق سے واپسی کے دوسرے دن ۱۰ ؍ذی الحجہ کو حضور ﷺ نے پہلی عید الاضحیٰ کی نماز پڑھائی

67 : غزوۂ سویق کس سن ہجری میں پیش آیا؟

ج : غزوۂ سویق ۲ ؍سن ہجری میں پیش آیا۔

## غزوۂ غطفان

68 : غزوۂ غطفان کس سن ہجری میں پیش آیا؟

ج : غزوۂ غطفان ۳ ؍سن ہجری میں پیش آیا۔

69 : غزوۂ غطفان کس مہینہ میں پیش آیا؟

ج : غزوۂ غطفان ماہِ محرم میں پیش آیا، بعض نے ماہِ ربیع الاول لکھا ہے۔

70 : غزوۂ غطفان کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج : غزوۂ غطفان کا دوسرا نام ذی امر اور انمار ہے۔

71 : قبیلۂ بنوغطفان کس علاقہ کا قبیلہ تھا؟

ج : قبیلۂ بنوغطفان نجد کے علاقہ کا بہت بڑا جنگجو قبیلہ تھا۔

72 : قبیلۂ بنوغطفان کے قریب کونسا قبیلہ بستا تھا؟

ج : قبیلۂ بنوغطفان کے قریب ہی قبیلۂ بنوسلیم بھی بستا تھا۔

73 : کس غزوہ کے بعد غزوۂ غطفان پیش آیا؟

ج : غزوۂ سویق سے واپسی کے بعد غزوۂ غطفان پیش آیا۔

74 : جب قبیلۂ غطفان کے لوگوں کی مدینہ پر حملہ کا علم ہوا تو حضور ﷺ نے کیا اقدام کیا؟

ج : حضور ﷺ نے (۴۵۰) سواروں کے ساتھ ذی امر کا رخ کیا۔

75 : حضور ﷺ نے غزوۂ غطفان کے لئے روانہ ہونے سے پہلے کس کو مدینہ میں اپنا نائب مقرر فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے اس وقت حضرت عثمان بن عفانؓ کو اپنا نائب مقرر فرمایا؟

76 : جب قبیلۂ غطفان کے لوگوں کو یہ بات معلوم ہوئی کہ حضور ﷺ اپنے دستہ کے ساتھ تشریف لا رہے ہیں تو انہوں نے کیا کیا؟

ج : قبیلۂ غطفان کے لوگ اس اطلاع کے بعد پہاڑوں میں روپوش ہو گئے۔

77 : حضور ﷺ کو یہ بات کس طرح معلوم ہوئی کہ قبیلۂ غطفان کے لوگ پہاڑوں میں روپوش ہو گئے ہیں؟

ج : یہ بات حضور ﷺ کو جبار نامی ایک شخص سے معلوم ہوئی جو ذی القصد نامی مقام پر پکڑا گیا

78 : حضور ﷺ نے گرفتار شدہ جیار نامی شخص کو کس کے سپرد کیا؟

ج : حضور ﷺ نے گرفتار شدہ جیار نامی شخص کو حضرت بلالؓ کے سپرد کیا۔

79 : گرفتار شدہ جیار نامی شخص سے غزوۂ غطفان میں کیا مدد ملی؟

ج : اس شخص سے راستوں کی تلاش میں بڑی مدد لی۔

80 : غزوۂ غطفان کا وہ واقعہ کیا ہے جس میں ایک کافر شخص نے حضور ﷺ سے پوچھا تھا کہ آپ کو مجھ سے کون بچائے گا؟

ج : واقعہ یہ ہوا کہ حضور ﷺ درخت کے سایہ میں آرام فرما رہے تھے کہ پہاڑ پر سے بنی محارب کا سردار عشور تنہا پا کر آپ کے قریب آیا اور تلوار ہاتھ میں لئے پوچھنے لگا کہ آپ کو مجھ سے کون بچائے گا۔

81 : جب بنی محارب کے سردار عشور نے حضور ﷺ سے یہ پوچھا کہ آپ کو مجھ سے کون بچائے گا تو حضور ﷺ نے اس کا کیا جواب دیا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا کہ ''اللہ''

82 : حضور ﷺ نے جب عشور کے جواب میں ''اللہ'' کہا تو اس جواب کا عشور پر کیا اثر ہوا؟

ج : عشور تھرا گیا اور اس کے ہاتھ سے تلوار چھوٹ گئی۔

83 : بنی محارب کے سردار عشور کے ہاتھ سے جب تلوار چھوٹ گئی تو حضور ﷺ نے کیا کیا؟

ج : حضور ﷺ نے اسی تلوار کو اپنے ہاتھ میں لیا اور وہی سوال فرمایا کہ تجھ کو مجھ سے کون بچائے گا

84 : حضور ﷺ نے جب عشور سے یہ سوال کیا تو اس نے کیا کہا؟

ج : عشور نے کہا کوئی نہیں، پھر اس نے کلمۂ شہادت پڑھ لیا۔

85 : غزوۂ غطفان میں حضور ﷺ پر تلوار اٹھانے کا جو واقعہ پیش آیا کیا اس قسم کا واقعہ کسی اور غزوہ میں بھی پیش آیا ہے؟

ج : ہاں! اسی طرح کا ایک واقعہ غزوۂ ذات الرقاع میں بھی پیش آیا ہے۔

86 : حضور ﷺ اپنے مجاہدین کے سوا کتنے دن تک غزوۂ غطفان میں رہے؟

ج : حضور ﷺ اپنے مجاہدین کے ساتھ ماہِ صفر ۳ سن ہجری کا پورا مہینہ وہاں مقیم رہے۔

# غزوۂ نجران

87 : قبیلۂ بنی سلیم کہاں آباد تھے؟

ج : قبیلۂ بنی سلیم حجاز کے علاقہ میں آباد تھے۔

88 : بنی سلیم مسلمانوں کے خلاف کس مقام پر جمع ہوئے تھے؟

ج : بنی سلیم مسلمانوں کے خلاف نجران نامی مقام پر جمع ہوئے تھے۔

89 : حضور ﷺ کو بنی سلیم کے نجران نامی مقام پر جمع ہونے کی اطلاع ملی تو کیا کیا؟

ج : حضور ﷺ نے (۳۰۰) صحابۂ کرام کے ساتھ نجران نامی مقام کی طرف روانہ ہوئے۔

90 : نجران کا محل وقوع کیا ہے؟

ج : نجران حجاز کا ایک معدن ہے جو فرعہ کے قریب واقع ہے۔اور مدینہ سے اس کا فاصلہ ۹۶ رمیل ہے۔

91 : حضور ﷺ نے غزوۂ نجران کے لئے روانگی سے قبل کس کو مدینہ میں اپنا نائب بنایا؟

ج : حضور ﷺ نے غزوۂ نجران کے لئے روانگی سے قبل حضرت عبداللہ بن ام مکتومؓ کو مدینہ میں اپنا نائب بنایا۔

92 : حضور ﷺ غزوۂ نجران کے لئے کس تاریخ میں روانہ ہوئے؟

ج : حضور ﷺ غزوۂ نجران کے لئے ماہِ ربیع الاول سن ۳ رہجری کو روانہ ہوئے۔

93 : حضور ﷺ اور مسلمانوں کی آمد کی اطلاع ملی تو قبیلۂ بنی سلیم نے کیا کیا؟

ج : قبیلۂ بنی سلیم کے لوگ اس اطلاع پر منتشر ہو گئے۔

94 : حضور ﷺ نے نجران نامی مقام میں کتنے دن قیام فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے نجران نامی مقام میں دس دن قیام فرمایا۔

# غزوۂ احد

95 : بدر کے مقتولوں کے انتقام کا جذبہ قریش کے دلوں میں جب پیدا ہوا تو انہوں نے کیا کیا

ج : جب انتقامی جذبہ قریش میں بیدار ہوا تو قریش کے سردار دارالندوہ میں سر جوڑ کر بیٹھے اور مشورہ کرنے لگے۔

96 : بدر کے مقتولوں کے انتقام کے لئے قریش کے جو سردار دارالندوہ میں جمع ہوئے ان میں کون کون بڑے بڑے سردار تھے؟

ج : اسود بن مطلب بن اسد، جبیر بن مطعم، صفوان بن امیہ، عکرمہ بن ابو جہل، حارث بن ہشام عبداللہ بن ابی ربیعہ، حویطب بن عبدالعزیٰ اور حجر بن ابی لبابہ وغیرہ جمع ہوئے۔

97 : یہ سارے سردار انتقام لینے پر متفق ہو کر کس کے پاس پہنچے؟

ج : یہ سارے سردار اس بات پر متفق ہو کر ابوسفیان بن حرب کے پاس پہنچے۔

98 : ان سارے سرداروں نے ابوسفیان سے کیا کہا؟

ج : ان سارے سرداروں نے کہا کہ وہ مالِ تجارت اور منافع جو تم نے روک رکھا ہے اہل مکہ اور بدر میں مارے جانے والے سرداروں کا حصہ ہے ہم چاہتے ہیں کہ اس سرمایہ سے ایک لشکر بدر کے مقتولوں کے انتقام کے لئے تیار کیا جائے۔

99 : سرداروں نے جب ابوسفیان سے بدر کے مقتولوں کے لئے تجاری منافع اور سرمایہ خرچ کرنے کی بات کہی تو ابوسفیان نے اس کا کیا جواب دیا؟

ج : ابوسفیان نے کہا کہ اگر سب کی یہی مرضی ہے تو اس کا ماننے والا پہلا شخص میں ہوں، اور بنی عبد مناف بھی میرے ساتھ ہوں گے۔

100 : جب ابوسفیان اور دوسرے سرداروں نے مسلمانان مدینہ کے خلاف جنگ کرنا طے کر لیا تو جنگ کی تیاری کس طرح کی گئی؟

ج : جنگ کی تیاری کا آغاز ہوا اور تجارتی قافلہ کے ایک ہزار اونٹ فروخت کئے گئے جس

سے پچاس ہزار دینار ملے اسی طرح پچاس ہزار دینار مال تجارت فروخت کرنے سے حاصل ہوئے۔اس طرح اصل مال مالکوں کو دیا گیا اور نفع جنگ کی تیاری کے لئے روک لیا گیا۔

101 : مسلمانوں کے خلاف جنگ کے لئے جب مالیہ تیار ہو گیا تو قریش نے اگلا اقدام کیا کیا

ج : قریش نے اس کے بعد اطراف واکناف کے قبیلوں سے مالی امداد اور افراد کو جمع کرنے کے لئے بااثر لوگوں پر مشتمل ایک وفد تیار کیا۔

102 : قریش نے جب جنگ کی تیاری کے لئے ایک وفد تیار کیا تو اس وفد میں کون کون بااثر لوگ تھے

ج : اس وفد میں عمرو بن العاص، مسافع بن عبد مناف، ھبیرہ بن وہب، عبداللہ بن الزبعری، ابو عزہ الجمحی وغیرہ تھے۔

103 : وہ کونسا شاعر ہے جس کو جنگ بدر میں قیدی بن کر آنے کے بعد اس کی ناداری پر رحم کھا کر حضور ﷺ نے اس شرط پر آزاد کیا تھا کہ وہ دوبارہ مسلمانوں کے خلاف نہ آئے مگر اس نے پھر مسلمانوں کے خلاف میدانِ جنگ میں آنے کی جرأت کی؟

ج : وہ ابو العزہ الجمحی شاعر ہے جس نے اس قدر جرأت کی۔

104 : ابو العزہ الجمحی نے جنگ احد میں شرکت کرنے سے انکار کیا تو کس نے اس کو شرکت کرنے پر مجبور کیا اور سبز باغ دکھائے؟

ج : صفوان بن امیہ نے ابو العزہ الجمحی کو مجبور کیا اور سبز باغ دکھائے۔

105 : قریش نے جنگ احد میں مدد کے لئے کن قبیلوں کو بھی آمادہ کیا؟

ج : قریش نے جنگ احد میں مدد کے لئے بنی ثقیف، اہل تہامہ اور بنو کنانہ کو مدد کے لئے آمادہ کیا۔

106 : جبیر بن معطم نے کس حبشی غلام کو جنگ احد میں شرکت کے لئے طعیمہ بن عدی کے عوض آزادی کی خوشخبری دی؟

ج : جبیر بن مطعم نے حبشی غلام وحشی کو اس بات کی خوشخبری دی۔

107 : حضرت حمزہؓ نے جنگ بدر میں جبیر بن مطعم کے کس رشتہ دار کو قتل کیا تھا؟

ج : حضرت حمزہؓ نے جنگ بدر میں جبیر بن مطعم کے چچا طیعمہ بن عدی کو قتل کیا تھا۔

108 : ابوسفیان کی بیوی ہند نے وحشی کو جنگ احد میں حضرت حمزہ کو قتل کرنے پر کیا دینے کا وعدہ کیا تھا؟

ج : ابوسفیان کی بیوی ہند نے وحشی کو جنگ احد میں حضرت حمزہ کو قتل کرنے پر مال و دولت دینے کا وعدہ کیا تھا۔

109 : قریش نے جنگ میں شرکت کے لئے کتنے لوگوں کا لشکر تیار کیا تھا؟

ج : قریش نے جنگ احد میں شرکت کے لئے تین ہزار کا لشکر تیار کر لیا تھا۔

110 : قریش کے تین ہزار کے لشکر میں بنی ثقیف کے کتنے سوار ساز و سامان سے آراستہ شامل تھے؟

ج : بنی ثقیف کے ایک سو آدمی ساز و سامان سے آراستہ شامل تھے۔

111 : قریش نے جنگ احد کے لئے کتنے اونٹ تیار کئے تھے؟

ج : قریش نے جنگ احد کے لئے تین ہزار اونٹ لڑائی اور بار برداری کے لئے تیار کئے تھے

112 : جنگ احد کے لئے کتنے زرہ پوش سپاہی تھے؟

ج : جنگ احد کے لئے سات سو (700) زرہ پوش سپاہی تھے۔

113 : جنگ احد میں کس کو سپہ سالار بنایا گیا؟

ج : جنگ احد میں ابوسفیان کو سپہ سالار بنایا گیا۔

114 : جنگ احد میں مشرکوں کے لشکر کے جوش کو بڑھانے کے لئے کتنی عورتیں آمادہ ہوئیں؟

ج : جنگ احد میں مشرکوں کے لشکر کے جوش کو بڑھانے کے لئے پندرہ عورتیں چلنے پر آمادہ ہوئیں

115 : قریش کی ان پندرہ عورتوں میں چند مشہور عورتوں کے نام بتایئے جو جنگ احد میں اپنے سپاہیوں کو جوش دلانے کے لئے نکلی تھیں؟

ج : ان مشہور عورتوں کے نام یہ ہیں: ہند بنت عتبہ (ابوسفیان کی بیوی) فاطمہ بنت ولید، ام حکیم بنت حارث، ریطہ بنت منبہ بن حجاج خناس بنت مالک، برزہ بنت مسعود ثقفی سلاقہ بنت سعد......

116 : ہند بنت عتبہ جنگ احد میں کس کا بدلہ لینے آئی تھی؟

ج : ہند بنت عتبہ اپنے باپ اور چچا کا بدلہ لینے جنگ احد آئی تھی۔

117 : فاطمہ بنت ولید کس کا بدلہ لینے جنگ احد میں آئی تھی؟

ج : فاطمہ بنت ولید اپنے باپ ولید کا بدلہ لینے آئی تھی۔

118 : ام حکیم کس کی بہو اور بھتیجی تھی؟

ج : ام حکیم ابوجہل کی بہو اور بھتیجی تھی۔

119 : ام حکیم کس کا بدلہ لینے جنگ احد میں آئی تھی؟

ج : ام حکیم اپنے خسر ابوجہل کا بدلہ لینے آئی تھی۔

120 : ریطہ بنت منبہ کس کا بدلہ لینے جنگ احد میں آئی تھی؟

ج : ریطہ بنت منبہ اپنے باپ منبہ بن حجاج کا بدلہ لینے آئی تھی۔

121 : خناس بنت مالک کس صحابی رسول کی مشرکہ ماں تھی؟

ج : خناس بنت مالک حضرت مصعب بن عمیرؓ کی مشرکہ ماں تھی۔

122 : برزہ بنت مسعود ثقفی کس کا بدلہ لینے جنگ احد آئی تھی؟

ج : برزہ بنت مسعود اپنے خسر امیر بن خلف کا بدلہ لینے آئی تھی۔

123 : سلاقہ بنت سعد کے کتنے بیٹے جنگ بدر میں مارے گئے تھے جن کا بدلہ لینے وہ آئی تھی؟

ج : سلاقہ بنت سعد کے چار بیٹے جنگ بدر میں مارے گئے تھے جن کا بدلہ لینے وہ جنگ احد میں آئی تھی۔

124 : جب قریش نے جنگ کی تیاریاں شروع کیں تو کس نے حضور ﷺ کو خفیہ طور سے اطلاع دی تھی؟

ج : حضرت عباسؓ نے جو در پردہ مسلمان ہو گئے تھے ان تیاریوں کی خفیہ طور پر اطلاع دی تھی

125 : حضرت عباسؓ نے حضور ﷺ کو قریش کی ان تیاریوں کی اطلاع کس کے ذریعہ دی تھی؟

ج : حضرت عباسؓ نے حضور ﷺ کو قریش کی ان تیاریوں کی اطلاع بنی غفار کے ایک تیز رفتار قاصد کے ذریعہ دی تھی۔

126 : جب حضرت عباسؓ کا خفیہ قاصد مدینہ پہنچا تو حضور ﷺ کہاں تشریف لے گئے تھے؟

ج : حضور ﷺ اس وقت مسجد قبا تشریف لے گئے تھے۔

127 : جس وقت حضرت عباسؓ کا قاصد مسجد قبا پہنچا تو اس وقت حضور ﷺ کے ساتھ کون صحابی تھے؟

ج : اس وقت حضور ﷺ کے ساتھ حضرت ابی ابن کعبؓ تھے۔

128 : حضور ﷺ نے حضرت عباسؓ کے قاصد کا خط پڑھ کر سنانے کا حکم کس کو دیا؟

ج : حضور ﷺ نے حضرت ابی بن کعبؓ کو خط پڑھ کر سنانے کا حکم دیا۔

129 : حضور ﷺ نے حضرت عباسؓ کے قاصد کا یہ خط پڑھ کر کیا ہدایت دی؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا کہ اسے کسی پر ظاہر نہ کرنا۔

130 : حضور ﷺ نے حضرت عباسؓ کے قاصد کا خط کے مضمون سے کس کو آگاہ کیا؟

ج : حضور ﷺ نے اس خط کے مضمون سے حضرت سعد بن ربیعؓ کو آگاہ کیا اور انہیں بھی راز میں رکھنے کی تاکید فرمائی۔

131 : قریش نے کس کو خفیہ طور پر جنگِ احد کی تیاری کی اطلاع دی تھی؟

ج : قریش نے مدینہ کے یہودیوں اور منافقوں کو اس کی اطلاع دی تھی۔

132 : قریش نے جب مدینہ کے یہودیوں کو یہ خفیہ اطلاع دی تو یہودیوں نے کیا وعدہ کیا تھا؟

ج : یہودیوں نے قریش سے وعدہ کیا تھا کہ وہ جنگ کے دوران رسد کی فراہمی کریں گے۔

133 : جنگ احد میں مدینہ میں قریش کے لشکر کی آمد کی اطلاع کس کے ذریعہ سے اور کیوں عام ہوئی

ج : مدینہ میں قریش کے لشکر کی آمد کی اطلاع یہودیوں کے ذریعہ عام ہوگئی تا کہ مسلمانوں کو

خوف زدہ کر کے ان کا حوصلہ گرایا جائے۔

134 : مشرکوں کا لشکر جب مکہ سے نکلا اور مقام ابواء میں قیام کیا تو حضرت آمنہؓ کی قبر کے بارے میں کیا کہا گیا؟

ج : کسی قریشی نے حضرت آمنہؓ کی قبر کے بارے میں کہا کہ قبر کھود کر ان کی ہڈیاں نکال لی جائیں

135 : ابوسفیان نے حضرت آمنہ کی قبر کھودنے کے سلسلہ میں قریش سے کیا کہا؟

ج : ابوسفیان نے کہا کہ اگر ہم نے ایسا کیا تو پھر بنو بکر او، بنوخزاعہ ہمارے مردوں کی ہڈیاں کھود ڈالیں گے۔

136 : قریش مکہ سے جنگِ احد کے لئے کس مہینہ میں روانہ ہوئے تھے؟

ج : قریش مکہ سے جنگِ احد کے لئے رمضان کے آخری دنوں میں روانہ ہوئے تھے۔

137 : جب قریش ذوالحلیفہ میں داخل ہوئے تو کس قبیلہ نے ان کا استقبال کیا؟

ج : جب قریش ذوالحلیفہ میں داخل ہوئے تو قبیلہ فرسان نے ان کا استقبال کیا۔

138 : حضور ﷺ نے حضرت عباسؓ کا خط پا کر جاسوسی کے لئے کس کو روانہ فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے دشمن کی جاسوسی کے لئے حضرت انسؓ اور حضرت مونسؓ کو روانہ فرمایا۔

139 : حضرت انسؓ اور حضرت مونسؓ دونوں بھائیوں نے قریش کے لشکر کی خبر لینے کے لئے کیا تدبیر اختیار کی؟

ج : دونوں مقام عقیق میں قریش کے لشکر میں شامل ہو گئے ان کے ساتھ سفر کرتے ہوئے بالوط کے مقام پر جدا ہوئے اور مدینہ حاضر ہو کر لشکر کی تفصیلات بیان کیں۔

140 : حضرت انسؓ اور حضرت مونسؓ دونوں کے علاوہ دوسرے کس صحابی سے قریش کے حالات معلوم ہوئے؟

ج : حضرت عمرو بن سالمؓ سے حضور ﷺ کو قریش کے حالات کا علم ہوا۔

141 : حضور ﷺ نے مزید تحقیق کے لئے کس صحابی کو روانہ فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے مزید تحقیق کے لئے حضرت حباب بن منذرؓ کو روانہ فرمایا۔

142 : جس وقت قریش کا لشکر مدینہ کے قریب پڑاؤ ڈالے ہوئے تھا، حضور ﷺ کی حفاظت کون کون کر رہے تھے؟

ج : حضرت سعد بن معاذؓ، حضرت سعد بن عبادہؓ اور حضرت اسید بن حضیرؓ حضور ﷺ کی حفاظت اور مسجد پر پہرہ دے رہے تھے۔

143 : جن دنوں قریش مدینہ کے قریب خیمہ زن تھے، حضور ﷺ نے کیا خواب دیکھا تھا؟

ج : حضور ﷺ نے خواب دیکھا کہ ایک محفوظ زرہ میں ہیں اور ذوالفقار نامی تلوار میں دندانے پڑ گئے ہیں، ایک گائے ذبح کی جا رہی ہے، پھر ایک دنبہ ذبح کیا گیا ہے۔

144 : حضور ﷺ نے اپنے اس خواب کی تعبیر کیا بیان فرمائی؟

ج : حضور ﷺ نے اس خواب کی تعبیر یہ بیان کی گئی کہ محفوظ زرہ سے مراد شہر مدینہ ہے، ذوالفقار کے دندانے ناگہانی مصیبت کو ظاہر کرتے ہیں، گائے کا قتل میرے اصحاب کی شہادت ہے دنبہ سے مراد قریش کا قتل ہے۔

145 : جنگ احد کے موقع پر قریش سے جنگ کے بارے میں حضور ﷺ کی کیا رائے تھی؟

ج : وہ نوجوان صحابہ جو بدر میں نہ جا سکے کہا کہ باہر نکل کر لڑنا چاہئے حضرت امیر حمزہؓ کی رائے یہ تھی کہ مدینہ میں رہ کر مدافعت کرنے کو دشمن بزدلی خیال کرے گا۔

حضرت نعمان بن مالک انصاریؓ نے کہا کہ ہمیں جنت سے محروم نہ کیجئے، حضرت سعد بن عبادہؓ بھی حضرت امیر حمزہؓ کے ہم خیال تھے۔

146 : منافقوں کے سردار عبداللہ ابن ابی سے جب رائے طلب کی گئی کہ مدینہ میں رہ کر جنگ کریں یا باہر تو اس نے کیا جواب دیا؟

ج : عبداللہ بن ابی نے کہا کہ جب بھی اہل مدینہ نے محصور رہ کر مقابلہ کیا کامیاب رہے دشمن اندر آجائے گا تو مرد تلواروں سے عورتیں اور بچے چھتوں پر سے سنگباری کر کے

گلیوں میں مقابلہ کریں گے۔

147 : حضور ﷺ نے صحابہ سے رائے لینے کے بعد کیا فیصلہ فرمایا؟

ج : حضور ﷺ پرجوش اور شہادت پسند صحابہ کے اصرار پر مدینہ سے باہر نکلنے پر مائل ہوئے۔

148 : حضور ﷺ جنگ احد کی تیاری کے لئے جب اپنے حجرہ میں تشریف لے گئے تو اسلحہ پہننے میں کس نے آپ ﷺ کی مدد کی؟

ج : حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ دونوں نے حضور ﷺ کی اسلحہ پہننے میں مدد کی۔

149 : کن دو صحابہ نے لوگوں سے یہ کہا کہ تم نے رسول اللہ ﷺ کو مدینہ سے باہر نکلنے پر مجبور کیا آپ ﷺ کوئی کام وحی الٰہی کے بغیر نہیں فرماتے بہتر ہوتا کہ اسے منشائے نبوی پر چھوڑ دیا جاتا؟

ج : یہ بات حضرت سعد بن معاذؓ اور حضرت اسید بن حضیرؓ نے کہی۔

150 : حضور ﷺ جب اسلحہ پہن کر حجرہ سے باہر تشریف لائے تو صحابۂ کرام نے حضور سے کیا کہا

ج : صحابۂ کرامؓ نے کہا کہ ہم نے مرضی مبارک کے خلاف اصرار کیا ہم سے غلطی ہوئی آپ جو مناسب چاہیں اقدام اٹھائیں۔

151 : جب صحابۂ کرام نے حضور ﷺ کے سامنے اپنی غلطی کا اعتراف کیا اور مناسب قدم اٹھانے کی درخواست کی تو حضور ﷺ نے صحابہ سے کیا فرمایا؟

ج : حضور نے فرمایا کہ کسی نبی کے لئے جائز نہیں کہ ہتھیار سجا کر اُتار دے جب تک اللہ اس کے اور دشمنوں کے درمیان فیصلہ نہ کر دے۔ اب اللہ کا نام لے کر چل پڑو۔

152 : جنگ احد کے موقع پر قریش کا لشکر کہاں پڑاو ڈالے ہوئے تھا؟

ج : قریش کا لشکر بئر رومہ اور غابہ کے درمیان پڑاو ڈالے ہوئے تھا۔

153 : حضور ﷺ جب ہتھیار سے لیس ہو کر اپنے حجرہ سے باہر نکلے تو کس انصاری صحابی کا جنازہ آیا تھا؟

ج : اس وقت حضرت مالک بن عمروؓ کا جنازہ آیا تھا۔

154 : حضورﷺ نے جنگ احد کے لئے روانہ ہونے سے پہلے کس کو مدینہ میں اپنا نائب بنایا؟

ج : حضورﷺ نے حضرت عبداللہ بن ام مکتوم کو مدینہ میں اپنا نائب بنایا۔

155 : جنگ احد میں مسلمانوں کے لشکر کے کتنے علمبردار تھے؟

ج : جنگ احد میں مسلمانوں کے لشکر کے تین علمبردار تھے۔

156 : جنگ احد اسلامی لشکر میں قبیلۂ خزرج کا جھنڈا کس کے ہاتھ میں تھا؟

ج : جنگ احد اسلامی لشکر میں قبیلۂ خزرج کا جھنڈا حضرت حباب بن منذر کے ہاتھ میں تھا۔

157 : جنگ احد اسلامی لشکر میں قبیلۂ اوس کا جھنڈا کس کے ہاتھ میں تھا؟

ج : جنگ احد اسلامی لشکر میں قبیلۂ اوس کا جھنڈا حضرت اسید بن حضیرؓ کے ہاتھ میں تھا۔

158 : جنگ احد اسلامی لشکر کا جھنڈا کس کے ہاتھ میں تھا؟

ج : جنگ احد اسلامی لشکر کا جھنڈا حضرت مصعب بن عمیرؓ کے ہاتھ میں تھا۔

159 : جنگ احد میں مدینہ سے نکلتے ہوئے حضورﷺ کس پر سوار تھے؟

ج : حضورﷺ گھوڑے پر سوار تھے۔

160 : جنگ احد میں کتنے مجاہدین نے کوچ کیا؟

ج : جنگ احد میں ایک ہزار مجاہدین نے کوچ کیا۔

161 : جنگ احد حضورﷺ کے گھوڑے کے دائیں بائیں کون تھے؟

ج : حضورﷺ کے گھوڑے کے دائیں بائیں حضرت سعد بن معاذؓ اور حضرت سعد بن عبادہؓ تھے

162 : جنگ احد میں اسلامی لشکر نے مدینہ سے نکل کر کہاں پڑاؤ ڈالا؟

ج : جنگ احد میں اسلامی لشکر نے مدینہ سے نکل کر شیخین میں پڑاؤ ڈالا۔

163 : شیخین نامی مقام جہاں حضورﷺ نے جنگ احد میں مدینہ سے نکل کر پڑاو ڈالا کہاں واقع ہے؟

ج : یہ مقام مدینہ اور احد کے درمیان واقع ہے۔

164 : جنگ احد حضور ﷺ نے کس مقام پر لشکر کا معائنہ فرمایا؟

ج : جنگ احد حضور ﷺ نے شیخین نامی مقام پر لشکر کا معائنہ فرمایا۔

165 : جنگ احد حضور ﷺ نے جب اسلامی لشکر کا معائنہ کیا اور چند ناواقف لوگوں کو دیکھا جو یہودی تھے تو حضور ﷺ نے ان سے کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے ان ناواقف لوگوں سے (جو یہودی تھے) ان سے فرمایا کہ تمہاری مدد اسی صورت میں قبول ہے جب کہ اسلام لے آؤ ورنہ اپنے گھروں کا راستہ لو......

166 : جنگ احد میں جب حضور ﷺ نے ان ناواقف لوگوں سے جو یہودی تھے اسلام کی شرط رکھی تو انہوں نے کیا رویہ اختیار کیا؟

ج : وہ اس جواب کو سن کر کھسک گئے۔

167 : لشکر کے معائنہ کے دوران حضور ﷺ نے کن لوگوں کو واپس کر دیا؟

ج : لشکر کے معائنہ کے دوران حضور ﷺ نے نوعمر اور کمسن صحابہ کو واپس کر دیا۔

168 : جنگ احد کے لشکر کے معائنہ کے بعد جن کم عمر صحابہ کو حضور ﷺ نے واپس کیا ان کی تعداد کیا ہے؟

ج : ان کم عمر صحابہ کی تعداد امام شافعیؒ نے (۱۷) بتلائی ہے۔

169 : جنگ احد کے لشکر کے معائنہ کے بعد جن کم عمر صحابہ کو حضور ﷺ نے واپس کیا ان کی عمر کتنے سال سے کم تھی؟

ج : ان کم سن صحابہ کی عمر (۱۴) سال سے کم تھی۔

170 : وہ کم عمر صحابہ جن کو حضور ﷺ نے جنگ احد کے موقع پر لشکر کے معائنہ کے بعد واپس کر دیا ان کے چند نام بتلایئے؟

ج : (۱) حضرت اسامہ بن زیدؓ (۲) حضرت ابوسعید خدریؓ (۳) حضرت براء بن عازبؓ
(۴) حضرت عرابہ بن اوسؓ (۵) حضرت عمرو بن حزمؓ (۶) حضرت زید بن ثابتؓ
(۷) حضرت عبداللہ بن حزمؓ (۸) حضرت زید بن ارقمؓ (۹) حضرت اسید بن ظہیرؓ
(۱۰) حضرت سعد بن حبہؓ

171 : وہ کونسے کم سن صحابی ہیں جو جنگ احد میں معائنہ کے وقت پنجوں کے بل کھڑے ہو گئے؟

ج : وہ کم سن صحابی حضرت رافع بن خدیج؄ ہیں۔

172 : حضورﷺ نے حضرت رافع بن خدیج؄ کو کم سن ہونے کے باوجود کیوں جنگ احد میں شریک ہونے کی اجازت دی؟

ج : اس لئے کہ حضرت رافع بن خدیج؄ اچھے تیر انداز تھے۔

173 : جب حضرت رافع بن خدیج؄ کو کم سن ہونے کے باوجود تیرانداز ہونے کی وجہ سے شریک کرلیا گیا تو کس کم سن صحابی نے کہا کہ میں رافع سے زیادہ طاقتور ہوں، کشتی میں انہیں پچھاڑ سکتا ہوں۔

ج : وہ حضرت سمرہ بن جندب؄ ہیں جنہوں نے حضورﷺ سے یہ درخواست کی۔

174 : جب کم سن صحابی حضرت سمرہ بن جندب؄ نے حضورﷺ سے یہ کہا وہ وہ رافع بن خدیج؄ کو پچھاڑ سکتے ہیں تو حضورﷺ نے کیا کیا؟

ج : حضورﷺ نے ان دونوں کے درمیان کشتی کرائی۔

175 : رافع اور سمرہ کے درمیان کشتی میں کون کامیاب ہوئے؟

ج : کشتی میں سمرہ بن جندب کامیاب ہوئے اور حضورﷺ نے انہیں بھی جنگ میں شرکت کی اجازت دیدی۔

176 : جنگ احد کے موقع پر حضورﷺ نے شیخین نامی مقام پر جو پڑاؤ ڈالا اور وہیں رات گزاری تو کتنے مجاہدین نے پہرہ دیا؟

ج : اس وقت پچاس منتخب مجاہدین نے پہرہ دیا۔

177 : حضورﷺ کے خیمہ پر پہرہ دار کے لئے کون متعین تھے؟

ج : حضورﷺ کے خیمہ پر پہرہ داری کے لئے حضرت ذکوان بن عبداللہ؄ متعین تھے۔

178 : شیخین نامی مقام پر پڑاؤ کے دوران پہرہ دار مجاہدین کی نگرانی کس کے ذمہ تھی؟

ج : حضرت محمد بن مسلمہ انصاریؓ پر اس کی ذمہ داری تھی۔

179 : جنگ احد میں شیخین نامی مقام سے دشمن تک قریب ترین راستہ سے پہنچنے کے لئے کس کی رہبری حاصل کی گئی؟

ج : حضرت ابوحثمہ الحارثیؓ کی رہبری حاصل کی گئی۔

180 : شیخین نامی مقام سے دشمن کی طرف جاتے ہوئے جب ابو بردہ کی شمشیر میان سے باہر گر پڑی تو حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے اس وقت فرمایا کہ میں سمجھتا ہوں کہ بہت جلد تلواریں نیام سے باہر ہو جائیں گی

181 : جنگ احد میں دشمن کی طرف کوچ کرتے ہوئے کس مقام پر پہنچ کر حضور ﷺ نے حضرت بلالؓ کو اذان فجر کا حکم دیا؟

ج : حضور ﷺ نے قنطرہ نامی مقام پر پہنچ کر حضرت بلالؓ کو اذان فجر کا حکم دیا۔

182 : حضور ﷺ اور صحابہؓ نماز ادا کر رہے تھے تو اس وقت مشرکین کیا کر رہے تھے؟

ج : اس وقت مشرکین دور سے یہ منظر دیکھ رہے تھے۔

183 : جنگ احد میں کس مقام پر پہنچ کر کون اپنے ساتھیوں کے ساتھ اسلامی لشکر سے علیحدہ ہو گیا

ج : مقام قنطرہ پر پہنچ کر منافقوں کا سردار عبداللہ بن ابی اپنے ساتھیوں کے ساتھ اسلامی لشکر سے علیحدہ ہو گیا، بعض نے مقام کا نام ''شوط'' لکھا ہے۔

184 : منافقوں کا سردار عبداللہ بن ابی کتنے ساتھیوں کے ساتھ اسلامی لشکر سے علیحدہ ہو گیا؟

ج : عبداللہ بن ابی اپنے تین سو ساتھیوں کو لے کر اسلامی لشکر سے علیحدہ ہو گیا۔

185 : عبداللہ بن ابی کی باتوں میں آ کر کس قبیلہ کے لوگ پست ہمت ہو گئے۔

ج : عبداللہ بن ابی کی باتوں میں آ کر بنو سلمہ اور بنو حارثہ کے کچھ لوگ پست ہمت ہو گئے لیکن میدان چھوڑنے کی ذلت سے بچ گئے۔

186 : جنگ احد میں لشکر اسلام قنطرہ سے نکل کر جس باغ میں پہنچا وہ کس کا باغ تھا؟

ج : وہ ایک اندھے یہودی ربعی بن سودہ کا باغ تھا۔

187 : جب اندھے یہودی ربعی بن سودہ نے اسلامی لشکر سے مزاحمت کی تو حضور ﷺ نے صحابہ سے کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا، اس کو اس کے حال پر چھوڑ دو یہ آنکھ اور دل دونوں کا اندھا ہے۔

188 : جنگ احد میں اسلامی لشکر نے تیزی سے حرکت کرتے ہوئے کس پہاڑ پر قبضہ کرلیا؟

ج : اسلامی لشکر نے تیزی سے جبل عینین یعنی دو چشموں والے پہاڑ پر قبضہ کرلیا۔

189 : جنگ احد میں جب جبل عینین پر اسلامی لشکر قابض ہوگیا تو حضور ﷺ نے اس اہم مورچہ پر کس کی قیادت میں کتنے تیراندازوں کو مقرر فرمایا؟

ج : اس پہاڑ پر حضور ﷺ نے حضرت عبداللہ بن جبیر بن نعمان انصاری کی قیادت میں پچاس تیراندازوں کو مقرر فرمایا۔

190 : جنگ احد کے پچاس تیراندازوں میں کون سب میں نمایاں تھے؟

ج : پچاس تیراندازوں میں حضرت عبداللہؓ سفید لباس پہنے ہوئے تھے اور سب میں نمایاں تھے

191 : جنگ احد میں حضور ﷺ نے ان پچاس تیراندازوں کو کیا ہدایت دی تھی؟

ج : حضور ﷺ نے ان پچاس تیراندازوں کو یہ ہدایت دی کہ چاہے ہم غالب ہوں یا مغلوب تم اس مقابلہ سے نہیں ہٹو گے، اگر تم دیکھو کہ پرندے ہماری بوٹیاں نوچ رہے ہیں اور ہمیں تمہاری ضرورت ہے تب بھی تم اس جگہ سے نہ ٹلنا دشمن کے سواروں کو اپنی تیراندازی سے ہم سے دور رکھنا تمہاری طرف سے حملہ نہ ہونے پائے ہماری پشت کی حفاظت کرنا

192 : جنگ احد میں پچاس تیراندازوں کے سوا باقی اسلامی لشکر نے کہاں پڑاؤ ڈالا؟

ج : باقی مجاہدین نے احد پہاڑ کے نصف دائرے والے خلاء میں پڑاؤ ڈالا۔

193 : احد پہاڑ مسجد نبوی سے کتنے میل دوری پر واقع ہے؟

ج : احد پہاڑ مسجد نبوی سے ساڑھے تین میل دوری پر واقع ہے۔

194 : احد پہاڑ کا رقبہ کیا ہے؟

ج : احد پہاڑ مدینہ کے شمالی مضافات میں کوئی چار یا پانچ میل کے رقبہ میں نحط مستقیم مشرق سے مغرب کی طرف پھیلا ہوا ہے، اس کے اطراف چکر لگایا جائے تو پوری مسافت پانچ میل بنتی ہے۔

195 : احد پہاڑ کو اگر مدینہ سے دیکھا جائے تو کس رنگ کا نظر آتا ہے؟

ج : احد پہاڑ کو اگر مدینہ سے دیکھا جائے تو سرخ رنگ کا نظر آتا ہے جس پر کوئی سر سبزی نہیں

196 : دامن جبل کے میدان کے بعد کونسی وادی ہے؟

ج : دامن جبل کے میدان کے بعد وادیٔ قناۃ ہے۔

197 : جبل العینین جہاں حضور ﷺ نے پچاس تیراندازوں کو مقرر کیا تھا اس پہاڑ کو کیا نام دیا گیا

ج : جبل العینین کو جبل الرماۃ یعنی تیراندازوں کی پہاڑی نام دیا گیا۔

198 : حضور ﷺ نے احد پہاڑ کے بارے میں اپنے کن جذبات کا اظہار فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ وہ پہاڑ ہے جو ہم کو دوست رکھتا ہے اور ہم اس کو دوست رکھتے ہیں

199 : وہ کونسا پہاڑ جس کے بارے میں حضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ پہاڑ ہم سے بغض رکھتا ہے اس میں ایک دروازہ ہے جو جہنم کا دروازہ ہے۔

ج : وہ عیر نامی پہاڑ ہے جس کے بارے میں حضور ﷺ نے یہ بات بیان فرمائی۔

200 : عبداللہ بن ابی جب اپنے تین سو دوستوں کو لے کر اسلامی لشکر سے علیحدہ ہو گیا تو اسلامی لشکر میں کتنے مجاہدین باقی رہ گئے تھے؟

ج : اس کے بعد اسلامی لشکر میں سات سو مجاہدین باقی رہ گئے تھے۔

201 : میدانِ جنگ احد میں حضور ﷺ کی حفاظت کے لئے کتنے مجاہدین مامور تھے؟

ج : میدانِ جنگ احد میں حضور ﷺ کی حفاظت کے لئے (۱۴) مجاہدین مامور تھے۔

202 : جنگ احد میں مقدمة الجیش پر کس کو رکھا گیا تھا؟

ج : جنگ احد میں مقدمۃ الجیش پر حضرت سعد بن وقاص اور حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ کو رکھا گیا تھا۔

203 : جنگ احد میں میمنہ پر کس کو مقرر کیا گیا تھا؟

ج : جنگ احد میں میمنہ پر حضرت عکاشہ بن محصن اسدی کو مقرر کیا گیا تھا۔

204 : جنگ احد میں میسرہ پر کس کو مقرر کیا گیا تھا؟

ج : جنگ احد میں میسرہ پر حضرت ابوسلمہ بن عبدالاسد کو مقرر کیا گیا تھا۔

205 : جنگ احد میں قلب فوج میں دونوں جانب کون مقرر تھے؟

ج : جنگ احد میں قلب فوج میں ایک طرف حضرت علیؓ اور دوسری طرف حضرت زبیر بن العوامؓ مقرر تھے۔

206 : جنگ احد میں وسط میں غیر زرہ پوش مجاہدوں کے سالار کون تھے؟

ج : جنگ احد میں غیر زرہ پوش مجاہدوں کے سالار حضرت امیر حمزہؓ تھے۔

207 : جنگ احد میں کتنے ایسے مجاہدین تھے جن کے پاس زرہیں تھیں؟

ج : جنگ احد میں دوسو مجاہدین ایسے تھے جن کے پاس زرہیں تھیں۔

208 : جنگ احد میں حضور ﷺ کے جسم اطہر پر کتنی زرہیں تھیں؟

ج : جنگ احد میں حضور ﷺ کے جسم اطہر پر دو زرہیں تھیں۔

209 : جنگ احد میں ساقہ پر کون مامور تھے؟

ج : جنگ احد میں ساقہ پر حضرت مقداد بن عمروؓ مامور تھے۔

210 : جنگ احد میں کون علمبردار تھے؟

ج : جنگ احد میں حضرت مصعب بن عمیرؓ علمبردار تھے۔

211 : جنگ احد کی صف بندی میں اگلی صف میں کون مجاہدین تھے؟

ج : جنگ احد کی صف بندی میں اگلی صف میں توانا اور طاقتور مجاہدین آگے تھے۔

212 : حضور ﷺ نے جنگ احد کے آغاز سے پہلے کیا ہدایت دی تھی؟

ج : حضور ﷺ نے جنگ احد کے آغاز سے پہلے یہ ہدایت دی تھی کہ جب تک میری جانب سے حکم نہ ہو لڑائی شروع نہ کی جائے سورج اور ہوا کا خیال رکھا جائے۔

213 : جنگ احد میں کوڈ ورڈ (Code Word) کیا تھا؟

ج : جنگ احد میں کوڈ ورڈ '' اَمِتْ اَمِتْ ''، یعنی ''مارو مارو'' تھا۔

214 : جنگ احد میں اسلامی لشکر کی عورتوں کا کام کیا تھا؟

ج : جنگ احد میں اسلامی لشکر کی عورتوں کا کام زخمیوں کی خدمت اور پانی پلانا تھا۔

215 : جنگ احد میں مشرکین کا لشکر کہاں خیمہ زن ہوا؟

ج : جنگ احد میں مشرکین کا لشکر مدینہ سے شمال کی جانب زغابہ میں خیمہ زن ہوا۔

216 : جنگ احد میں مشرکین کا لشکر کس دن مدینہ پہنچا؟

ج : جنگ احد میں مشرکین کا لشکر بدھ کے دن مدینہ پہنچا۔

217 : جنگ احد میں مشرکین کا حرفِ شناخت کیا تھا؟

ج : جنگ احد میں مشرکین کا حرفِ شناخت '' **یا للعزی یا للھبل** '' تھا۔

218 : جنگ احد میں مشرکین کی فوج کے میمنہ پر کس کا رسالہ تھا؟

ج : جنگ احد میں مشرکین کی فوج کے میمنہ پر خالد بن ولید کا رسالہ تھا۔

219 : جنگ احد میں مشرکین کی فوج کی میسرہ پر کس کا رسالہ تھا؟

ج : جنگ احد میں مشرکین کی فوج کے میسرہ پر عکرمہ بن ابوجہل کا رسالہ تھا۔

220 : جنگ احد میں مشرکین کی فوج کے قلب کا سالار کون تھا؟

ج : جنگ احد میں مشرکین کی فوج کے قلب کا سالار صفوان بن امیہ تھا۔

221 : جنگ احد میں مشرکین کے لشکر کے تیر اندازوں کے دستہ کی کمان کون کر رہا تھا؟

ج : جنگ احد میں مشرکین کے لشکر کے تیر اندازوں کے دستہ کی کمان عبداللہ بن ربیعہ کر رہا تھا

222 : اسلامی لشکر کا قریشی فوج سے مقابلہ کس جگہ ہوا؟

ج : جہاں شہدائے بدر کے قبور کا احاطہ ہے وہیں اسلامی لشکر کا قریشی فوج سے مقابلہ ہوا تھا۔

223 : غزوۂ احد کس تاریخ کو پیش آیا؟

ج : غزوۂ احد ۱۴ر شوال، ۳ر سن ہجری کو پیش آیا۔ بعض نے ۷ر شوال بھی لکھا ہے۔ مہینہ میں اتفاق اور تاریخ میں اختلاف ہے۔

224 : غزوۂ احد کس دن ہوا؟

ج : غزوۂ احد ہفتہ کے دن ہوا۔

225 : جنگ احد میں دونوں طرف کی فوجوں کی صفیں کس وقت آراستہ ہوئیں؟

ج : سورج کے طلوع ہونے کے بعد دونوں طرف کی فوجوں کی صفیں آراستہ ہوئیں۔

226 : حضور ﷺ نے جنگ احد میں اپنے ہاتھ میں تلوار لے کر کیا اِرشاد فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے اِرشاد فرمایا کہ کون ہے جو اسے لے اور اس کا حق ادا کرے۔

227 : حضور ﷺ نے جب تلوار ہاتھ میں لے کر یہ فرمایا کہ کون ہے جو اسے لے اور اس کا حق ادا کرے تو کس نے سب سے پہلے اپنا ہاتھ بڑھایا؟

ج : اس وقت حضرت زبیر بن عوامؓ نے سب سے پہلے اپنا ہاتھ بڑھایا۔

228 : حضور ﷺ نے جنگ احد میں جب دوسری مرتبہ یہ اِرشاد فرمایا کہ کون ہے جو اس تلوار کا حق ادا کرے گا تو کون سرفروشی کے لئے آگے بڑھے؟

ج : دوسری مرتبہ کے اِرشاد پر حضرت عمر، حضرت علیؓ، حضرت زبیرؓ اور بہت سارے صحابہ آگے بڑھے

229 : جنگ احد میں حضور ﷺ نے تیسری مرتبہ جب یہ اِرشاد فرمایا کہ کون اس تلوار کا حق ادا کرے گا کس نے بے تابانہ آگے بڑھ کر یہ پوچھا کہ اس کا حق کیا ہے؟

ج : بنی ساعدہ کے ابودجانہ سماک بن خرشہ نے بے تابانہ آگے بڑھ کر یہ پوچھا کہ یارسول اللہ اس کا حق کیا ہے۔

230 : جب ابودجانہؓ نے حضور ﷺ سے یہ پوچھا کہ اس تلوار کا کیا حق ہے تو حضور ﷺ نے کیا فرمایا

ج : حضور ﷺ نے فرمایا کہ دشمن کے منہ پر مارو کوئی کافر بچنے نہ پائے اور کوئی مسلمان مارا نہ جائے۔

231 : حضور ﷺ نے جب جنگ احد میں اپنی تلوار کا حق بیان کیا تو ابودجانہ نے کیا فرمایا؟

ج : ابودجانہ نے فرمایا کہ یہ حق میں ادا کروں گا۔

232 : جنگ احد میں حضور ﷺ سے تلوار لینے کے بعد ابودجانہ کی کیفیت کیا ہوگئی تھی؟

ج : حضرت ابودجانہؓ نے ماتھے سے سرخ پٹی باندھی اور اکڑ اکڑ کر چلنے لگے اور یہ کہتے جاتے تھے کہ یہ تلوار اللہ کے رسول کی ہے یہ رُک نہیں سکتی، میں تھم نہیں سکتا۔

233 : جب مشرکین نے جنگ کے نقارے بجائے تو ان کی خواتین کیا کرنے لگیں؟

ج : مشرکین کی فوج کی خواتین دف بجاتی ہوئی رومانی اور شہوانی نغمے پڑھنے لگیں۔

234 : جنگ بدر میں مشرکین کی فوج میں عورتوں میں سب سے آگے کون تھی؟

ج : مشرکین کی فوج میں عورتوں میں سب سے آگے ابوسفیان کی بیوی ہند تھی۔

235 : جنگ احد میں ابوسفیان کی بیوی ہند کے بغل میں کتنے بت موجود تھے؟

ج : ابوسفیان کی بیوی ہند کی بغل میں دو بت تھے۔

236 : وہ کونسے مجاہد صحابی ہیں جنہوں نے میدانِ احد میں یہ دعا مانگی تھی، اے اللہ! ابھی جب میدان کارزار گرم ہو تو میری کسی ایسے کافر سے مڈبھیڑ ہو جو نہایت دلیر، شجاع اور غضب ناک ہو، تیری راہ میں اس سے دیر تک لڑتا رہوں، یہاں تک کہ میں اس پر غالب آجاؤں اور اسے قتل کردوں۔

ج : یہ سعادت مند صحابی حضرت سعد بن ابی وقاصؓ ہیں جنہوں نے یہ دعاء مانگی تھی۔

237 : وہ کونسے مجاہد صحابی ہیں جنہوں نے میدانِ احد مس یہ دعاء مانگی کہ زندگی وموت عطا فرمانے والے! میرا مقابلہ بھی کسی زورآور اور غضب ناک مشرک سے ہو، بڑی دیر تک معرکہ آرائی ہوتی رہے۔ اور آخر وہ مجھے تیری راہ میں شہید کردے اسی پر اکتفا نہ کرے

بلکہ میری لاش کا مثلہ کر کے اپنا غصہ اُتارے؟

ج : یہ سعادت مند مجاہد صحابی حضرت عبداللہ بن جحشؓ ہیں جنہوں نے یہ دعاء مانگی تھی۔

238 : وہ کونسے صحابی ہیں جو جنگ احد میں شہید ہوئے انہیں **مجدع فی اللّٰہ** کا خطاب دیا گیا

ج : وہ حضرت عبداللہ بن جحشؓ ہیں جنہیں **مجدع فی اللّٰہ** کا خطاب دیا گیا کہ ان کے ناک اور کان اللہ کی راہ میں کاٹے گئے تھے۔

239 : جنگ احد میں حضرت عبداللہ بن جحشؓ کی جب تلوار ٹوٹ گئی تو حضور ﷺ نے لڑنے کے لئے انہیں کیا دیا؟

ج : حضور ﷺ نے انہیں کھجور کی ایک شاخ عطا کی جوان کے حق میں تلوار کا کام کر رہی تھی۔

240 : حضرت عبداللہ بن جحشؓ نے جنگ احد میں حضور ﷺ کی طرف سے دی گئی کھجور کی شاخ کا کیا نام رکھا؟

ج : حضرت عبداللہ بن جحش نے اس کا نام ''عُرجون'' رکھا۔

241 : عباسی خلیفہ معتصم باللہ کے ایک امیر نے ''عرجون'' نامی اس شاخ کو کتنے دینار میں خریدا تھا؟

ج : اس امیر نے اس شاخ کو دوسو دینار میں خریدا تھا۔

242 : جنگ احد میں ابوسفیان سپہ سالار اپنی فوج کے علمبردار طلحہ بن ابی طلحہ سے مخاطب ہوکر کیا کہا تھا

ج : ابوسفیان نے کہا تھا کہ بدر میں بھی ہمارا جھنڈا تمہارے پاس تھا، اطمینان دلاؤ کہ ہر حال میں اس جھنڈے کو بلند رکھو گے ورنہ اسے چھوڑ دو ہم حفاظت کریں گے۔

243 : قریش کے علمبردار طلحہ بن ابی طلحہ نے میدانِ احد میں مسلمانوں سے خطاب کر کے کیا کہا تھا؟

ج : قریش کے علمبردار طلحہ بن ابی طلحہ نے میدانِ احد میں مسلمانوں سے خطاب کر کے کہا تھا کہ اے مسلمانو! تمہارا عقیدہ ہے کہ تمہاری تلواریں ہمیں جہنم رسید کریں گی اور ہماری شمشیریں تمہیں باغ جنت میں پہنچائیں گی جسے تمنائے جنت ہو مقابلہ پر آئے۔

244 : قریش کے علمبردار طلحہ بن ابی طلحہ نے جب مسلمانوں کو مقابلہ پر آنے کی دعوت دی تو

مسلمانوں کی طرف سے میدانِ احد میں کون آگے بڑھے؟

ج : حضرت علیؓ تیز تلوار تولتے ہوئے آگے بڑھے اور پہلے ہی وار میں طلحہ بن ابی طلحہ کا پیر کاٹ دیا اور دوسری ضرب نے سر کے دوٹکڑے کر دیئے۔

245 : جب میدانِ احد میں حضرت علیؓ نے قریش کے علمبردار طلحہ بن ابی طلحہ کا کام تمام کر دیا تو حضور ﷺ نے کیا کہا؟

ج : حضور ﷺ نے اس وقت اللہ اکبر کا نعرہ بلند کیا اور مسلمانوں نے بھی اللہ اکبر کا نعرہ بلند کیا

246 : قریش کے علمبردار طلحہ بن ابی طلحہ جنگ احد میں زمین چاٹ چکا تو کس نے قریش کا علم آگے بڑھ کر سنبھالا؟

ج : طلحہ بن ابی طلحہ کے بیٹے عثمان بن ابی طلحہ نے قریش کا علم آگے بڑھ کر سنبھالا۔

247 : مشرکین کا دوسرا علمبردار عثمان بن ابی طلحہ نے علم سنبھال کر کیا نعرہ لگایا؟

ج : عثمان بن ابی اطلحہ نے کہا علمبردار وہ ہے جس کا نیزہ دشمن کے خون سے رنگین ہو جائے یا پھر لڑتے لڑتے ٹوٹ جائے۔

248 : جنگ احد میں قریش کے علمبردار عثمان بن ابی طلحہ کے دونوں ہاتھ کس نے کاٹ دیئے تھے؟

ج : حضرت امیر حمزہؓ نے پلک جھپکتے اس پر ایسی ضرب لگائی تھی کہ دونوں ہاتھ شانے سے کٹ گئے تھے۔

249 : جنگ احد میں قریش کے علمبردار عثمان بن ابی طلحہ کے دونوں ہاتھ کٹ گئے تو کس نے علم اٹھایا؟

ج : طلحہ کے دوسرے بیٹے ابوسعد نے پرچم اٹھایا اور فضا میں لہرانے لگا۔

250 : جنگ احد میں قریش کے تیسرے علمبردار ابوسعد بن طلحہ پر کس نے حملہ کیا جس سے وہ زمین پر گر گیا؟

ج : حضرت سعد بن ابی وقاصؓ نے اس کی طرف نیزہ چھوڑا جو حلق چھید کر نکل گیا جس سے

اس نے اپنی زبان باہر نکالی اور زمین پر گر گیا۔

251 : جنگ احد میں قریش کے تیسرے علمبردار ابوسعد کے بعد کس نے قریش کا علم سنبھالا؟

ج : ابوسعد کے بعد مسافع بن طلحہ نے علم سنبھالا۔

252 : جنگ احد میں قریش کے چوتھے علمبردار مسافع بن طلحہ کو کس نے جہنم رسید کیا؟

ج : حضرت عاصم بن ثابتؓ نے مسافع بن طلحہ علمبردار قریش کو جہنم رسید کیا۔

253 : جنگ احد میں مسافع بن طلحہ جہنم رسید ہو گیا تو قریش کا پرچم کس نے سنبھالا؟

ج : مسافع بن طلحہ کی ہلاکت کے بعد کلاب بن طلحہ آگے بڑھا؟

254 : جنگ احد میں کلاب بن طلحہ کو کس صحابی رسولؐ نے زمین بوس کیا؟

ج : کلاب بن طلحہ کو حضرت زبیر بن العوامؓ نے زمین بوس کیا۔

255 : جنگ احد میں کس قبیلہ کے لوگ قریش کے پرچم کی سر بلندی کے لئے سر دھڑ کی بازی لگا رہے تھے

ج : جنگ احد میں بنی عبدالدار کے لوگ قریش کے پرچم کی سر بلندی کے لئے سر دھڑ کی بازی لگا رہے تھے۔

256 : جنگ احد میں کلاب بن طلحہ کے بعد کس نے قریش کا جھنڈا اپنے ہاتھوں میں لیا؟

ج : کلاب بن طلحہ کے بعد جلاس بن طلحہ نے اپنے ہاتھوں میں جھنڈا لیا۔

257 : جنگ احد میں جلاس بن طلحہ کو کس نے مار گرایا؟

ج : جنگ احد میں جلاس بن طلحہ کو حضرت طلحہ بن عبید اللہؓ نے مار گرایا۔

258 : جنگ احد میں ارطاۃ بن شرجیل کو کس نے زمین کو سونپ دیا؟

ج : جنگ احد میں ارطاۃ بن شرجیل کو حضرت علیؓ نے زمین کو سونپ دیا۔

259 : جنگ احد میں شریح بن قارط کے بعد کس نے اپنے ہاتھوں میں قریش کا علم لیا؟

ج : جنگ احد میں شریح بن قارط کے بعد اس کے غلام صواب نے اپنے ہاتھوں میں قریش کا جھنڈا لیا۔

260 : جنگ احد میں بنی عبدالدار کے کتنے لوگ قریش کے جھنڈے کی سربلندی کی خاطر جہنم رسید ہوئے

ج : جنگ احد میں قبیلۂ بنی عبدالدار کے (۲۲) افراد یکے بعد دیگرے قریش کے جھنڈے کی سربلندی کی خاطر جہنم رسید ہوئے۔

261 : جنگ احد میں جب مسلسل قریش کے علمبردار مارے جانے لگے تو فوج پر اور عورتوں پر کیا اثر ہوا؟

ج : جنگ احد میں جب مسلسل قریش کے علمبردار مارنے جانے لگے تو فوج میں پست ہمتی کے آثار پیدا ہوئے اور عورتیں پنڈلیوں پر سے دامن اٹھائے پہاڑ کی طرف بھاگ رہی تھیں

262 : جنگ احد میں جب بار بار علمبردار موت کے گھاٹ اترنے لگے تو آخر کار کس عورت نے قریش کے پرچم کو سیدھا کیا؟

ج : اس وقت عمرہ بنت علقمہ حارثیہ نے قریش کے پرچم کو سیدھا کیا۔

263 : جنگ احد میں جب حضرت ابوبکر صدیقؓ کے بیٹے کفار قریش کی طرف سے للکارنے لگے اور حضرت ابوبکر صدیقؓ خود تلوار سونت کر مقابلہ کے لئے نکلے تو حضور ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ سے کیا کہا؟

ج : حضور ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کو جانے سے روکا اور فرمایا مجھ کو اپنی ذات سے نفع حاصل کرنے دو۔

264 : جنگ احد میں مسلمان تیر اندازوں نے تیروں کی بارش کی تو مخالف فوج پر کیا اثرات مرتب ہوئے؟

ج : مسلمان تیر اندازوں کے تیروں کی بارش سے مخالف فوج کے سوار لہرا کر گرتے تھے اور ان کے گھوڑے رُخ موڑ کر اپنی فوج کے لوگوں کو کچلنے لگے۔

265 : جنگ احد میں جب دو بدو لڑائی شروع ہوئی تو کن صحابہ کرامؓ نے دشمنوں کی صفوں میں گھس کر مقابلہ کیا؟

ج : حضرت امیر حمزہؓ، حضرت علیؓ، حضرت زبیرؓ، حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمرؓ، حضرت نضر بن انسؓ، حضرت سعد بن ربیعؓ حضرت سعد بن معاذؓ، حضرت سعد بن عبادہؓ حضرت عبدالرحمٰن بن جحشؓ، حضرت مصعب بن عمیرؓ، حضرت طلحہ بن عبیداللہؓ، حضرت ابودجانہؓ، حضرت سعد بن ابی وقاصؓ وغیرہ دشمنوں کی صفوں میں گھس کر مقابلہ کرنے لگے

266 : وہ کونسے صحابی ہیں جو جنگ احد میں کافروں کی فوج میں گھس کر مقابلہ کرتے ہوئے یہ کہہ رہے تھے کہ اس نخلستان کے دامن میں اپنے خلیل ﷺ سے میں نے عہد کیا ہے کہ کبھی صفوں سے پیچھے نہ رہوں گا، اللہ اوراس کے رسول کی تلوار آگے بڑھ کر چلاوں گا؟

ج : یہ حضرت ابودجانہؓ تھے جو اس قدر جوش وجذبہ اور دلیری وبہادری کے ساتھ یہ کلمات کہتے ہوئے مقابلہ کر رہے تھے۔

267 : حضرت ابودجانہ نے جب چمکتی ہوئی تلوار لہرائی تو کس عورت نے چیخ کر یہ کہا کہ میں عورت ہوں؟

ج : وہ عورت ہند تھی جو ابوسفیان کی بیوی تھی۔

268 : جنگ احد میں جب حضرت ابودجانہ نے ہند نامی عورت کی آواز سنی کہ میں عورت ہوں تو انہوں نے کیا کہا؟

ج : حضرت ابودجانہؓ نے اپنی تلوار کا وار روک لیا۔

269 : جنگ احد میں حضرت ابودجانہؓ نے ہند نامی عورت پر سے اپنی تلوار کا وار کیوں روک لیا؟

ج : اس لئے کہ حضور ﷺ کی تلوار ایک عورت پر نہیں اُٹھ سکتی تھی۔

270 : جنگ احد میں جب عرب کا مشہور پہلوان سباع بن عبدالعزیٰ عبشانی میدان میں پکارتا آیا کہ کون میرا مقابل ہے تو اس کے مقابلہ کے لئے کون بڑھے تھے؟

ج : اس نامی گرامی پہلوان کے مقابلہ کے لئے حضرت امیر حمزہؓ آگے بڑھے تھے اور تلوار کی ایک ہی ضرب سے اس کی زبان خاموش کردی تھی۔

271 : جنگ احد میں حضرت حمزہؓ پر دستی نیزہ جس شخص نے پھینکا تھا وہ کہاں سے پھینکا تھا؟

ج : بزدل حملہ آور نے چٹان کی اوٹ سے دستی نیزہ پھینکا تھا۔

272 : جنگ احد میں جب حضرت حمزہؓ نیزہ کے زخم کی وجہ سے گر پڑے تو کس نے آپ کا پیٹ کاٹ کر جگر نکالا؟

ج : جبیر بن مطعم کے حبشی غلام وحشی نے حضرت امیر حمزہؓ کا پیٹ کاٹ کر جگر نکالا۔

273 : وحشی نے حضرت امیر حمزہ کا جگر کس کے سپرد کیا؟

ج : وحشی نے حضرت امیر حمزہؓ کا جگر ابوسفیان کی بیوی ہند کے حوالے کیا۔

274 : ہند نے حضرت حمزہؓ کے جگر کو لے کر کیا کیا؟

ج : ہند نے حضرت حمزہؓ کے جگر کو لے کر چبا ڈالا نگلنا چاہا مگر نگل نہ سکی۔

275 : جب وحشی نے حضرت حمزہؓ کا جگر ہند کے حوالے کیا تو ہند نے وحشی کو نقد کیا انعام دیا؟

ج : ہند نے وحشی کو اپنے جسم کا زیور بطور انعام دیا۔

276 : ہند نے وحشی سے مکہ پہنچنے پر کیا دینے کا وعدہ کیا؟

ج : ہند نے وحشی سے کہا کہ مکہ پہنچنے پر دس ہزار درہم دے گی۔

277 : جنگ احد میں ہند نے حضرت حمزہؓ کی لاش کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

ج : درندہ صفت ہند نے حضرت امیر حمزہؓ کے ناک، کان، ہونٹ کاٹ ڈالے آنکھیں نکالیں نعش کا مثلہ کیا اور ان اعضاء کا ہار بنالیا۔

278 : وہ کونسے صحابی ہیں جن کے چار جوان بیٹے ہر معرکہ میں حضور ﷺ کے ساتھ رہے؟

ج : وہ حضرت عمرو بن جموح ہیں جن کے چار جوان بیٹے ہر معرکہ میں حضور ﷺ کے ساتھ رہے

279 : وہ کونسے صحابی ہیں جنہوں نے یہ دعاء کی تھی کہ اے اللہ! مجھے اپنے اہل وعیال میں نہ لوٹا

ج : وہ حضرت عمرو بن جموح ہیں جنہوں نے یہ دعاء کی تھی۔

280 : وہ کونسے صحابی ہیں جن کے لنگڑے اور معمر ہونے کی وجہ سے ان کے بیٹے ان کو جہاد میں شرکت سے روک رہے تھے؟

ج : وہ حضرت عمرو بن جموحؓ ہیں جن کے بیٹے انہیں لنگڑے اور معمر ہونے کی وجہ سے جہاد سے روک رہے تھے۔

281 : وہ کونسے صحابی ہیں جن کی شہادت کے بعد ان کی لاش کو اونٹ پر رکھ کر مدینہ کی طرف چلے تو اونٹ پلٹ کر احد کے میدان میں آیا اس طرح دو چار مرتبہ ہوا؟

ج : وہ حضرت عمرو بن جموحؓ ہیں جن کے ساتھ یہ خصوصی معاملہ پیش آیا اور حضور ﷺ نے انہیں احد کے میدان ہی میں دفنانے کا حکم دیا۔

282 : وہ کونسے صحابی ہیں جنہوں نے جواب میں اپنے بیٹے کو جنت کے باغوں کی سیر کرتا ہوا دیکھا اور ان کے بیٹے نے کہا کہ اے میرے باپ تم بھی یہاں آ جاؤ؟

ج : یہ حضرت سعدؓ کے والد حضرت خیثمہؓ ہیں جنہوں نے یہ خواب دیکھا تھا چنانچہ حضرت خیثمہؓ نے جنگ احد میں شہادت کا مرتبہ پایا۔

283 : جنگ احد میں حضور ﷺ نے کس سے یہ جملہ کہا تھا کہ میرے ماں باپ تم پر قربان تیر پر تیر چلاتا جا؟

ج : حضور ﷺ نے حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے یہ جملہ فرمایا تھا۔

284 : حضرت سعد بن ابی وقاصؓ نے جنگ احد میں حبان بن عرفہ کو نشانہ بنایا اور وہ گر پڑا تو حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا تم نے ام ایمن کا بدلہ لے لیا۔

285 : جنگ احد میں حضرت سعد بن ابی وقاصؓ نے حبان بن عرفہ کے بعد کس کو نشانہ بنایا جس سے وہ گر کر ایڑیاں رگڑنے لگا؟

ج : حضرت سعد بن ابی وقاصؓ نے حبان بن عرفہ کے بعد مالک بن زبیر کو نشانہ بنایا جس سے وہ گر کر ایڑیاں رگڑنے لگا۔

286 : وہ کونسے صحابی ہیں جو جنگ احد میں حضور ﷺ کی دعاء سے مستجاب الداعوت بن گئے؟

ج : وہ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ ہیں جو جنگ احد میں حضور ﷺ کی دعاء سے مستجاب الدعوات بن گئے۔

287 : جنگ احد میں حضور ﷺ نے کتوم نامی اپنی کمان سے تیر برسائے اور کمان ٹوٹ گئی تو کس صحابی نے یہ کمان بطور یادگار اپنے پاس رکھ لی؟

ج : حضرت قتادہ بن نعمانؓ نے یہ ٹوٹی ہوئی کمان بطور یادگار اپنے پاس رکھ لی۔

288 : جنگ احد میں مجاہدین ابوسفیان کی کس چال میں آ گئے؟

ج : ابوسفیان نے اپنے سپاہیوں کو اس محاذ سے ہٹا لیا جدھر سامان اسلحہ اور مال کا ذخیرہ تھا تو مجاہدین اس چال میں آ گئے اور غنیمت پر ٹوٹ پڑے۔

289 : جنگ احد میں جب مجاہدین مالِ غنیمت پر ٹوٹ پڑے تو تیرانداز مجاہدین نے کیا کیا؟

ج : تیرانداز مجاہدین بھی اپنے آپ کو روک نہ سکے اور مال غنیمت پر ٹوٹ پڑے۔

290 : تیرانداز مجاہدین کو کس صحابی رسول نے اپنی جگہ سے ہٹنے سے منع کیا؟

ج : حضرت عبداللہ بن جبیرؓ نے تیرانداز مجاہدین کو اپنی جگہ سے ہٹنے سے منع کیا۔

291 : پچاس تیراندازوں میں صرف کتنے تیرانداز اپنی جگہ پر رہ گئے؟

ج : پچاس تیراندازوں میں صرف دس تیرانداز اپنی جگہ پر رہ گئے۔

292 : جس جگہ تیراندازوں کو مقرر کیا گیا تھا اس جگہ سے دشمن کی فوج کے کس آدمی نے حملہ کیا؟

ج : خالد بن ولید نے اپنے گھڑسوار دستے کے ساتھ حملہ کیا۔

293 : جنگ احد میں حضرت عبداللہ اور ان کے دس تیرانداز ساتھیوں نے کس طرح دشمن کا مقابلہ کیا؟

ج : حضرت عبداللہ اور ان کے دس ساتھیوں نے ترکش کے تمام تیر خالی کر دیئے، پھر نیزے پھینکے آخر میں تلواروں کا استعمال کیا اور لڑتے لڑتے شہید ہو گئے۔

294 : جنگ احد میں مشرکوں نے غنیمت لوٹنے والے مسلمانوں پر کس جانب سے حملہ کیا؟

ج : جنگ احد میں مشرکوں نے غنیمت لوٹنے والے مسلمانوں پر پیچھے کی جانب سے حملہ کر دیا

295 : وہ کونسے صحابی ہیں جو جنگ احد میں افراتفری کی کیفیت میں خود مسلمانوں کے ہاتھوں شہید ہوئے؟

ج : وہ حضرت حذیفہؓ کے والد حضرت حسیلؓ ہیں جو مسلمانوں کے ہاتھوں شہید ہوگئے۔

296 : وہ کون چار بد بخت ہیں جنہوں نے غزوۂ احد میں نبی کریم ﷺ کے قتل کرنے کا عہد کیا تھا

ج : وہ چار بد بخت یہ ہیں، عبداللہ بن شہاب، عتبہ بن ابی وقاص، عبداللہ بن قمیہ، ابی ابن خلف

297 : جنگ احد میں جب حضور ﷺ نے یہ اعلان فرمایا کہ کون ہے جو آج مجھ سے موت کی بیعت کرے؟ تو کتنے صحابہ کرام نے اس پر بیعت کی؟

ج : تین مہاجرین حضرت علیؓ، حضرت زبیرؓ اور حضرت طلحہ بن عبید اللہؓ اور پانچ انصار حضرت ابو دجانہؓ، حضرت حارث بن صمہؓ، حضرت حباب بن منذرؓ، حضرت عامر بن ثابتؓ اور حضرت سہیل بن حنیفؓ نے حضور ﷺ کے اس اعلان پر موت کی بیعت کی۔

298 : وہ کونسے سات مہاجر اور سات انصار ہیں جو جنگ احد میں ثابت قدمی کے ساتھ حضور ﷺ کے ساتھ قتال کر رہے تھے؟

ج : سات مہاجر یہ ہیں، حضرت ابو بکرؓ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ، حضرت زبیر بن عوامؓ، حضرت ابو عبیدہؓ بن جراح اور سات انصار حباب بن منذرؓ، حضرت ابو دجانہؓ، حضرت عاصم بن ثابتؓ، حضرت حارث بن ضمہؓ، حضرت سہل بن حنیفؓ، حضرت اسید بن حضیرؓ اور حضرت سعد بن معاذؓ

299 : وہ کونسے صحابی ہیں جو جنگ احد میں زخم پر زخم کھائے جا رہے تھے، حضور ﷺ نے انہیں قریب بلایا اور اپنے زانوئے مبارک کا تکیہ بنا کر لٹایا اور انہوں نے اسی وقت اپنی جان جان آفرین کے حوالے کر دی؟

ج : وہ حضرت عمارہ بن زیاد بن سکنؓ ہیں جنہیں یہ شرف حاصل ہوا۔

300 : حضور ﷺ نے جنگ احد میں کس صحابی کے بارے میں فرمایا کہ یہ لشکر میں (۴۰) جواں مردوں سے بہتر ہے؟

ج : یہ حضرت ابوطلحہؓ ہیں جن کے بارے میں حضور ﷺ نے یہ جملہ اِرشاد فرمایا۔

301 : حضور ﷺ نے جنگ احد میں کس صحابی کے بارے میں یہ فرمایا کہ اے اللہ تو بھی ابن قرشہ سے راضی ہو جا، جیسے کہ میں راضی ہوں؟

ج : حضور ﷺ نے یہ دعائیہ جملہ حضرت ابو دجانہؓ کے بارے میں فرمایا۔

302 : جنگ احد میں حضرت عمرؓ نے اپنی زرہ اتار کر کس کو دی؟

ج : جنگ احد میں حضرت عمرؓ نے اپنی زرہ اتار کر اپنے بھائی زید بن خطابؓ کو دی۔

303 : جب زید بن خطابؓ نے جنگ احد میں حضرت عمرؓ کی دی ہوئی زرہ اتار دی اور حضرت عمرؓ نے زرہ اتار دینے کی وجہ پوچھی تو زید بن خطاب نے کیا جواب دیا؟

ج : زید بن خطاب نے کہا، عمر! میرے راستے سے ہٹ جاؤ اگر تمہیں شہادت کی تمنا یہاں کھینچ کر لائی ہے تو مجھے بھی اس نے بیقرار کر رکھا ہے، زرہ وہ پہنے جسے زندگی پیاری ہو میں نے تو اللہ کے راستے میں زندگی بیچ دی ہے۔

304 : وہ کونسی خاتون ہیں جو جنگ احد میں دو پہر کے بعد جنگ کا پانسہ پلٹا تو تلوار لے کر حضور ﷺ کے اطراف چکر لگانے لگیں اور ہر آنے والے مشرک پر وار کرنے لگیں؟

ج : وہ حضرت نسیبہ (اُمِ عمارہ) ہیں جنھوں نے بہادری کے یہ جوہر دکھلائے۔

305 : وہ کونسا پہلا غزوہ ہے جس میں کسی عورت نے قتال میں حصہ لیا ہو؟

ج : وہ غزوۂ احد ہے جس میں پہلی مرتبہ کسی عورت نے قتال میں حصہ لیا ہو۔

306 : جنگ احد میں حضور ﷺ نے ام عمارہؓ کی بہادری پر کس طرح قدر افزائی فرمائی؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا قیامت میں بھی ام عمارہ اسی طرح میرے پاس رہیں گی جیسے میدانِ احد میں تھیں۔

307 : جنگ احد میں کس کے حملہ سے حضور ﷺ کا رخسارِ مبارک زخمی ہوگیا؟

ج : عبداللہ بن قمیہ کے حملہ سے حضور ﷺ کا رخسارِ مبارک زخمی ہوگیا۔

308 : جنگ احد میں کس نے حضور ﷺ پر پتھر پھینکے تھے جس کی وجہ سے حضور ﷺ کے دندانِ مبارک شہید ہوئے اور ہونٹ کٹ گئے؟

ج : جنگ احد میں عتبہ بن ابی وقاص نے حضور ﷺ پر پتھر پھینکے جس سے آپ ﷺ کے دندانِ مبارک شہید ہوئے اور ہونٹ کٹ گیا۔

309 : جنگ احد میں جب حضور ﷺ زخمی ہوگئے اور خون پونچھ رہے تھے تو اپنی زبان مبارک سے کیا فرماتے جاتے تھے؟

ج : حضور ﷺ یہ فرماتے جاتے تھے کہ وہ قوم کیوں کر فلاح پا سکتی ہے جو اپنے نبی کے چہرے کو خون سے رنگین کردے حالانکہ وہ انہیں ان کے رب کی طرف بلا رہا ہے۔

310 : جنگ احد میں جب حضور ﷺ زخمی ہوگئے اور محفوظ مقام پر منتقل ہونے کے لئے تھوڑی دور تشریف لے گئے تو کیا حادثہ پیش آیا؟

ج : حضور ﷺ تھوڑی دور تشریف لے گئے تھے کہ ایک گڑھے میں گر گئے۔

311 : جنگ احد میں حضور ﷺ جس گڑھے میں گر گئے تھے۔ وہ گڑھا کس دشمن رسول نے کھود کر پتوں سے ڈھک دیا تھا؟

ج : ابو عامر فاسق نے یہ حرکت کی تھی۔

312 : جنگ احد میں جب حضور ﷺ گڑھے میں گر گئے تو کس نے آپ ﷺ کا ہاتھ پکڑا؟

ج : حضرت علیؓ نے حضور ﷺ کا ہاتھ پکڑا۔

313 : جنگ احد میں جب حضور ﷺ گڑھے میں گر گئے اور حضرت علیؓ نے آپ ﷺ کا ہاتھ پکڑا تو کس صحابی نے آپ ﷺ کو سہارا دیا؟

ج : طلحہ بن عبید اللہؓ نے کمر تھام کر آپ کو سہارا ﷺ دیا۔

314 : حضور ﷺ نے حضرت طلحہؓ کے لئے یہ دعاء کب دی؟ طلحہ نے اپنے لئے جنت واجب کرلی؟

ج : حضرت طلحہؓ بیٹھ کر جھک گئے اور آپ ﷺ نے اپنے دونوں قدم ان کی پیٹھ پر رکھے اس طرح ایک غار میں پہنچ گئے اس وقت حضور ﷺ نے حضرت طلحہؓ کے لئے یہ دعاء دی۔

315 : وہ کونسے صحابی ہیں جن کی پیٹھ تیروں کو روکنے کی وجہ سے جنگ احد میں چھلنی ہوگئی تھی؟

ج : وہ حضرت طلحہؓ ہیں جن کی پیٹھ تیروں کو روکنے کی وجہ سے چھلنی ہوگئی تھی۔

316 : حضور ﷺ کی حفاظت میں جن صحابی کی انگلیاں تیروں کے وار روکنے کی وجہ سے کٹ گئیں ان کا نام کیا ہے؟

ج : وہ حضرت طلحہؓ ہیں جن کی انگلیاں تیروں کے وار روکنے کی وجہ سے کٹ گئی تھیں۔

317 : حضور ﷺ نے کس جنگ میں یہ اِرشاد فرمایا کہ جو شخص زمین پر چلتے پھرتے زندہ شہید کو دیکھنا چاہے وہ طلحہ کو دیکھ لے؟

ج : حضور ﷺ نے یہ بات جنگ احد میں اِرشاد فرمائی۔

318 : حضرت ابوبکر صدیقؓ جب بھی جنگ احد کا تذکرہ فرماتے تو کس صحابی کو ''صاحبِ احد'' سے یاد کرتے تھے؟

ج : حضرت ابوبکر صدیقؓ حضرت طلحہؓ کو ''صاحبِ احد'' سے یاد کرتے تھے۔

319 : وہ کون دشمن رسول ہے جس پر حضور ﷺ نے جنگ احد میں ایک چھوٹا سا نیزہ لے کر نشانہ لگایا اور وہ گھوڑے سے اُلٹ کر گرا اور پلٹ کر بھاگا؟

ج : وہ ابی ابن خلف ہے جو جنگ احد سے اس طرح بھاگا اور مقام ''سرف'' میں مر گیا۔

320 : حضور ﷺ نے جنگ احد میں ابی ابن خلف کو مارنے کے لئے کس سے چھوٹا سا نیزہ لیا تھا

ج : حضور ﷺ نے جنگ احد میں ابی ابن خلف کو مارنے کے لئے حضرت حارث بن صمہؓ سے ایک چھوٹا سا نیزہ لیا تھا۔

321 : جنگ احد میں اسلامی لشکر کے علمبردار حضرت مصعب بن عمیرؓ پر کون پینترے بدل بدل کر حملے کر رہا تھا؟

ج : جنگ احد میں حضرت مصعبؓ بن عمیرؓ پر ابن قمیہ گھوڑے پر سوار ہو کر پینترے بدل بدل کر حملے کر رہا تھا۔

322 : جنگ احد میں اسلامی لشکر کے علمبردار حضرت مصعب بن عمیرؓ کا سیدھا ہاتھ کٹ گیا تو انہوں نے علم کو کس ہاتھ میں لے لیا؟

ج : حضرت مصعب بن عمیرؓ نے علم بائیں ہاتھ میں لے لیا۔

323 : جنگ احد میں اسلامی لشکر کے علمبردار حضرت مصعب بن عمیرؓ کے جب دونوں ہاتھ کٹ گئے تو انہوں نے علم کو کس طرح سنبھالا؟

ج : حضرت مصعب بن عمیرؓ نے اس وقت اسلامی علم کو تھام کر سینہ سے چمٹا لیا۔

324 : جنگ احد میں جب ابن قمیہ نے اسلامی لشکر کے علمبردار حضرت مصعب بن عمیرؓ کے سینہ میں نیزہ اتار دیا تو کس نے آگے بڑھ کر اسلامی علم کو تھام لیا؟

ج : حضرت مصعبؓ کے بھائی ابوالروم نے علم اسلامی کو تھام لیا۔

325 : حضرت مصعبؓ کے بھائی ابوالروم جنگ احد میں اسلامی علم کو کب تک تھامے رہے؟

ج : حضرت مصعبؓ کے بھائی ابوالروم جنگ احد میں جنگ کے اختتام تک علم اسلامی کی حفاظت کرتے رہے اور اسی شان سے لہراتے ہوئے مدینہ لائے۔ایک روایت میں ہے کہ حضرت مصعبؓ کی شہادت کے بعد علم حضرت علیؓ کو عطا ہوا۔

326 : وہ کونسے صحابی ہیں جو شکل وصورت میں حضور ﷺ کے بہت مشابہ تھے؟

ج : وہ حضرت مصعبؓ ہیں جو شکل وصورت میں حضور ﷺ کے بہت مشابہ تھے۔

327 : جنگ احد میں حضور ﷺ کے شہید ہو جانے کی افواہ کی وجہ کیا تھی؟

ج : دراصل حضرت مصعبؓ حضور ﷺ کی شکل وصورت میں مشابہ تھے جب حضرت مصعبؓ

کی شہادت ہوئی تو ابن قمیہ مشرکوں میں یہ چیختے ہوئے لوٹا کہ میں نے محمد ﷺ کو قتل کر دیا ہے، حالانکہ اس نے حضرت مصعب ؓ کو شہید کیا تھا۔

328 : جنگ احد میں جب حضور ﷺ کی شہادت کی افواہ جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی تو اسلامی لشکر کتنی طرح کی جماعتوں میں تقسیم ہو گیا؟

ج : حضور ﷺ کی شہادت کی افواہ کے بعد مسلمان تین طرح کی جماعتوں میں تقسیم ہو گئے ایک وہ تھے جن کا خیال تھا کہ اب لڑنے سے کیا حاصل؟ دوسرا گروہ اس خیال کا حامل تھا کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد جینے کا کیا مزہ؟ لہٰذا مردانہ وار دشمنوں کی صف میں گھس گئے اور تیسری جماعت وہ تھی جو حصار بنا کر رسول اللہ ﷺ کی حفاظت کر رہی تھی، یہ حفاظت کرنے والے صرف (۱۴) صحابی تھے۔

329 : وہ کونسے صحابی ہیں جنہوں نے جنگ احد میں یہ کہا تھا کہ مجھے احد کے سامنے سے جنت کی خوشبو آ رہی ہے اور لڑتے لڑتے شہید ہو گئے تھے؟

ج : وہ حضرت معاذ ؓ تھے جنہوں نے یہ کہہ کر شہادت کا درجہ پایا تھا۔

330 : وہ کونسے شہید صحابی ہیں جو جنگ احد میں شہید ہوئے جن کے جسم پر تلوار اور نیزہ کے اسی (۸۰) سے زیادہ زخم تھے۔

ج : وہ حضرت معاذ ؓ ہیں جن کا جسم زخموں سے اس قدر متاثر تھا۔

331 : جنگ احد میں شہید ہونے حضرت معاذ ؓ جن کا جسم زخموں سے متاثر تھا کس نے ان کی شناخت کی تھی؟

ج : حضرت معاذ ؓ کی بہن نے ان کی انگلیوں کے پور دیکھ کر ان کی شناخت کی۔

332 : جنگ احد میں حضور ﷺ کی شہادت کی افواہ کے بعد کس صحابی نے یہ آواز لگائی تھی کہ اگر محمد ﷺ شہید کر دیئے گئے ہیں تو اللہ تعالیٰ زندہ ہے اس کی سر بلندی اور دین کی خاطر لڑو؟

ج : یہ حضرت ثابت بن دحداح انصاری ؓ تھے جنہوں نے یہ آواز لگائی تھی۔

333 : جنگ احد میں حضرت ثابت بن دحداح انصاریؓ نے جب یہ کہا کہ اگر محمد ﷺ شہید کر دیئے گئے ہیں تو اللہ تو زندہ ہے اس کی سر بلندی اور دین کی خاطر لڑو تو کس گروہ نے لبیک کہہ کر ان کا جواب دیا تھا۔

ج : انصار کے ایک گروہ نے لبیک کہا اور اس گروہ نے خالد بن ولید کے دستہ سے مقابلہ کیا اور سب شہادت سے سرفراز ہوئے۔

334 : جنگ احد میں کتنی عورتیں زخمیوں کو اٹھا کر مرہم پٹی کر رہی تھیں اور پیاسوں کو پانی پلا رہی تھیں؟

ج : (۱۴) عورتیں جنگ احد میں موجود تھیں جو یہ خدمت انجام دے رہی تھیں۔

335 : جنگ احد میں شریک چند خواتین کے نام بتلایئے؟

ج : جنگ احد میں شریک چند خواتین کے نام یہ ہیں: حضرت عائشہ صدیقہ ؓ، حضرت ام سلیمؓ حضرت ام سلیطؓ، حضرت بی بی فاطمہؓ، حضرت ربیع بنت معوذ ؓ، حضرت حمنہ بنت جحشؓ، حضرت ام ایمنؓ وغیرہ

336 : جنگ احد میں جب حضور ﷺ پہاڑ کے اوپر ایک محفوظ گھاٹی میں منتقل ہو گئے تو کون حضور ﷺ کے لئے پانی لے آئے؟

ج : حضرت علیؓ احد کے نامی چشمہ ''مہراس'' سے اپنی ڈھال میں پانی لے آئے۔

337 : جنگ احد میں جب حضرت علیؓ ڈھال میں پانی لے آئے تو کیا حضور ﷺ نے اس کو نوش فرمایا

ج : حضور ﷺ نے وہ پانی نوش نہیں فرمایا، البتہ اس سے زخم دھوئے گئے۔

338 : جنگ احد میں جب حضور ﷺ کے زخموں کا خون بند نہ ہوا تو کس نے حصیر جلا کر اس کی راکھ سے زخموں کو بھرا؟

ج : حضرت فاطمہؓ نے یہ خدمت انجام دی۔

339 : جنگ احد میں کون حضور ﷺ کے لئے صاف اور شیریں پانی لے آئے جس کو حضور ﷺ نے نوش فرمایا؟

ج : حضرت محمد بن مسلمہؓ صاف اور شیریں پانی لے آئے اور حضور ﷺ نے یہ پانی نوش فرمایا اور انہیں دعاء خیر دی۔

340 : جنگ احد میں حضور ﷺ کو دیکھ کر کس صحابی نے یہ نعرہ لگایا کہ مسلمانو! آقائے نامدار زندہ وسلامت ہیں؟

ج : حضرت کعب بن مالکؓ نے حضور کو دیکھ کر یہ نعرہ لگایا۔

341 : جب ابن قمیہ نے یہ افواہ اڑائی تھی کہ حضور ﷺ کو اس نے قتل کر دیا ہے تو دشمن فوج کا کون آدمی لاشوں کو الٹ پلٹ کر دیکھ رہا تھا؟

ج : ابوسفیان لاشوں کو الٹ پلٹ کر دیکھ رہا تھا کہ کیا واقعی حضور ﷺ کو شہید کیا گیا ہے یا نہیں

342 : جنگ احد میں جب ابوسفیان نے لاشوں میں حضور ﷺ کو نہ پایا تو کیا آواز لگائی؟

ج : ابوسفیان نے پہاڑ پر چڑھ کر یہ آواز لگائی کہ کیا محمد زندہ ہیں پھر کہا کیا ابوبکر اور عمر زندہ ہیں

343 : جنگ احد میں ابوسفیان نے جب یہ آواز لگائی کہ کیا محمد زندہ ہیں اور یہ آواز غار میں پہنچی جہاں حضور ﷺ تھے تو حضور ﷺ نے صحابہ سے کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا کہ کوئی جواب نہ دے۔

344 : جنگ احد میں ابوسفیان نے جب یہ آواز لگائی کہ محمد زندہ ہیں اور کوئی جواب نہ آیا تو اس نے خود ہی کیا کہا؟

ج : ابوسفیان نے کہا کہ بے شک یہ سب مارے گئے ورنہ کہیں سے کوئی تو جواب دیتا پھر دیوانہ وار نعرہ لگایا، اعلل ھبل ہبل سر بلند ہے۔

345 : جنگ احد میں ابوسفیان نے جب اعلل ھبل کا نعرہ لگایا حضور ﷺ نے جواب دینے کی اجازت دی تو حضرت عمرؓ نے کیا جواب دیا؟

ج : حضرت عمرؓ نے جواب دیا کہ ''اللّٰہ اعلیٰ و اجل بڑائی اللہ کے لئے ہے''

346 : جنگ احد میں جب حضرت عمرؓ نے ابوسفیان کا جواب دیا تو ابوسفیان نے کیا کہا؟

ج : ابوسفیان نے کہا کہ ہمارے پاس عزیٰ ہے تمہارے پاس کوئی عزیٰ نہیں؟

347 : ابوسفیان نے جب یہ کہا کہ ہمارے پاس عزیٰ ہے تمہارے پاس کوئی عزیٰ نہیں تو اس کا جواب کیا دیا گیا؟

ج : ابوسفیان کا یہ جواب دیا گیا کہ **اللّٰہ مولانا ولا مولی کم** اللہ ہمارا مالک ہے تمہارا کوئی مالک نہیں۔

348 : جنگ احد میں جب ابوسفیان نے حضرت عمرؓ کو یہ آواز دی کہ کیا محمد مارے گئے جیسا کہ ابن قمیہ کہتا ہے شاید ابوبکر بھی مارے گئے تو حضرت عمرؓ نے اس کا کیا جواب دیا؟

ج : حضرت عمرؓ نے یہ جواب دیا کہ اے دشمن خدا، رسول اللہ ﷺ اور ابوبکر دونوں تمہاری باتیں سن رہے ہیں۔

349 : جنگ احد میں جب حضرت عمرؓ نے ابوسفیان کو حضور ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ کے زندہ رہنے کی اطلاع دی تو ابوسفیان نے کیا کہا؟

ج : ابوسفیان نے کہا کہ تمہاری بات ابن قمیہ کے قول سے زیادہ سچی ہے، جنت تو دونوں کی طرح ہے ایک ڈول بھرتا ہے تو دوسرا خالی ہوتا ہے، دوسرا بھرتا ہے تو پہلا خالی، وہ دن تمہارا تھا یہ دن ہمارا ہے۔

350 : جنگ احد میں ابوسفیان نے حضرت عمرؓ سے یہ کہا کہ وہ دن تمہارا تھا یہ دن ہمارا ہے تو حضرت عمرؓ نے اس کا کیا جواب دیا؟

ج : حضرت عمرؓ نے کہا کہ وہ دن ہو کہ یہ دن ہمارے شہید تو جنت سدھارے لیکن تیرے مردے کہاں گئے؟

351 : جنگ احد میں جب حضرت عمرؓ نے ابوسفیان سے پوچھا کہ تمہارے مردے کہاں گئے؟ تو ابوسفیان نے کیا کہا؟

ج : مسلمانو! نہ تو میں نے تمہاری لاشوں کو مثلہ کرنے کا حکم دیا تھا اور نہ ہی اس سے روکا اچھا

اب ہماری ملاقات آئندہ سال بدر میں ہوگی۔

352 : جنگ احد کے بعد جب ابوسفیان نے اپنے لشکر کو کوچ کرنے کا حکم دیا تو حضور ﷺ نے کس کو حکم دیا کہ مشرکین کے لشکر پر نظر رکھیں؟

ج : حضور ﷺ نے حضرت علیؓ کو حکم دیا کہ لشکر پر نظر رکھیں، اگر وہ گھوڑوں پر سوار ہیں تو مدینہ کا اِرادہ ہے اگر اونٹوں پر سوار ہیں تو مکہ کا اِرادہ ہے۔

353 : جنگ احد کے بعد حضرت علیؓ نے مشرکین کے لشکر کے کوچ کرنے کے بارے میں کیا اطلاع دی

ج : حضرت علیؓ نے حضور ﷺ کو یہ اطلاع دی کہ وہ اونٹوں پر سوار ہو کر مکہ کی راہ پر چل پڑے ہیں

354 : جنگ احد کے بعد جب قریش مکہ جانے والی شاہراہ پر چل پڑے تو حضور ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو کیا حکم دیا؟

ج : حضور ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو یہ حکم دیا کہ وہ شہدا کی لاشوں کو اکٹھا کریں۔

355 : جنگ احد کے بعد حضور ﷺ نے حضرت سعد بن ربیعؓ کے بارے میں صحابہ سے کیا اِرشاد فرمایا

ج : حضور ﷺ نے جنگ احد کے بعد حضرت سعد بن ربیعؓ کے بارے میں یہ فرمایا کہ کوئی ہے جو مجھے سعد بن ربیع کی خبر لا کر دے میں نے دیکھا ہے کہ وہ نیزہ سرداروں کے درمیان گھرا ہوا تھا، انہیں میرا سلام کہنا اور پوچھنا کہ تم اپنے آپ کو کیسا پا رہے ہو۔

356 : حضور ﷺ نے جب حضرت سعد بن ربیع کی خبر لانے کے بارے میں صحابہ سے پوچھا تو ان کی خبر لانے کے لئے وہ کون صحابی تھے جو شہیدوں کی لاشوں کے پاس گئے؟

ج : حضرت زید بن حارثہؓ یا حضرت ابی بن کعبؓ تھے جو شہیدوں کی لاشوں کو ٹٹولنے لگے اور ایک جگہ آواز دی کہ اگر سعد زندہ ہوں تو جواب دیں۔

357 : جنگ احد کے بعد حضرت سعد بن ربیعؓ کے پاس حضور ﷺ کے بھیجے ہوئے صحابی نے پہنچ کر آواز دی کہ اگر سعد زندہ ہوں تو جواب دیں تو انہوں نے کیا آواز سنی؟

ج : انہوں نے ایک کمزور آواز سنی کہ راہِ وفا کے اس جاں نثار کے جسم پر نیزہ کے بارہ زخم ہیں میں نے بھی اپنے کسی حملہ آور کو بغیر زک دیئے نہیں چھوڑا اور ہاں میری طرف سے انصاری بھائیوں کو یہ پیام دینا کہ اگر خدانخواستہ رسول اللہ ﷺ آج کے دن شہید کر دیئے گئے اور تم میں سے ایک بھی زندہ رہا تو تم اللہ کو منہ نہ دکھا سکو گے، ہم نے عقبہ کی رات جانیں نثار کرنے کا عہد کیا تھا اس بیعت کا پاس رکھنا۔

358 : جنگ احد کے بعد زخمی صحابی حضرت سعد بن ربیعؓ نے رسول اللہ ﷺ کے قاصد سے

انصار کو پیغام دیا تو قاصدِ رسول نے ان سے کیا پوچھا؟

ج : قاصدِ رسول نے ان سے پوچھا کہ تم اپنے آپ کو کیسا پا رہے ہو؟

359 : جب قاصدِ رسول نے حضرت سعد بن ربیعؓ سے یہ پوچھا کہ تم اپنے آپ کو کیسا پا رہے ہو تو انہوں نے کیا جواب دیا؟

ج : حضرت سعدؓ نے فرمایا کہ مجھے جنت کی خوشبو آ رہی ہے۔ رسول اللہ ﷺ کو میرا اسلام پہنچا دینا یہ کہتے کہتے دم توڑ دیا۔

360 : جنگ احد کے بعد حضرت سعد بن ربیعؓ کا سلام لے کر قاصدِ رسول حضور ﷺ کے پاس پہنچے تو حضور ﷺ نے ان کے حق میں کیا دعاء دی؟

ج : حضور ﷺ نے یہ فرمایا کہ اللہ سعد پر رحم فرمائے زندگی اور موت دونوں حالتوں میں یہ اللہ اور اس کے رسول کا خیر خواہ تھے۔

361 : جنگ احد میں کس کی تلاش میں خود رسول اللہ ﷺ نکلے؟

ج : جنگ احد میں حضرت حمزہؓ کی تلاش میں رسول اللہ ﷺ خود نکلے۔

362 : جنگ احد میں کس جگہ حضرت حمزہؓ کی مثلہ شدہ لاش پائی گئی؟

ج : جنگ احد میں بطن وادی میں حضرت حمزہؓ کی مثلہ شدہ لاش پائی گئی۔

363 : جنگ احد میں حضرت حمزہؓ کی لاش کو دیکھ کر حضور ﷺ کی کیفیت کیا ہو گئی؟

ج : اس دل خراش منظر کو دیکھ کر رسول اللہ ﷺ کا دل بھر آیا آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے یہاں تک کہ ہچکی بندھ گئی۔

364 : وہ کونسے صحابی ہیں جن کے بارے میں حضور ﷺ نے یہ اِرشاد فرمایا کہ کل کے دن جب اللہ مجھے غلبہ عطا فرمائے گا تو ان کے بدلے میں ستر کافروں کا مثلہ کروں گا؟

ج : حضرت حمزہؓ کے بارے میں حضور ﷺ نے یہ اِرشاد فرمایا۔

365 : جب حضور ﷺ نے حضرت حمزہؓ کے بدلہ میں ستر کافروں کا مثلہ کرنے کی بات کہی تو قرآن مجید کی کونسی آیت نازل ہوئی؟

ج : سورۂ نحل کی یہ آیت نازل ہوئی:

**وان عاقبتم فعاقبوا بمثل ما عوقبتم به ولئن صبرتم لهو خير للصبرين واصبر وما صبرك الا بالله ولا تحزن عليهم ولاتك في ضيق مما يمكرون**

''اور اگر تم لوگ بدلہ لو تو بس اسی قدر بدلہ لے لو جس قدر تم پر زیادتی کی گئی ہو، لیکن اگر تم صبر کرو تو یقیناً یہ صبر کرنے والوں ہی کے حق میں بہتر ہے، اے نبی! صبر سے کام کئے جاؤ

اور تمہارا یہ صبر اللہ ہی کی توفیق سے ہے، ان لوگوں کی حرکات پر رنج نہ کرو اور نہ ان کی چالبازیوں پر دل تنگ ہو"

366 : حضرت حمزہؓ کے جنگ احد میں شہید ہونے کے بعد حضور ﷺ نے انہیں کیا لقب دیا؟

ج : حضور ﷺ نے حضرت حمزہؓ کو سید الشھداء کا لقب دیا کہ وہ قیامت کے دن شہیدوں کے سردار ہوں گے۔

367 : حضرت حمزہؓ کی جنگ احد میں شہادت کے بعد جبرئیل امین علیہ السلام نے حضور ﷺ سے آ کر کیا کہا؟

ج : حضرت جبرئیل امین ﷺ آئے اور بتایا کہ ساتوں آسمان پر لکھا ہے :

"**حمزہ بن عبدالمطلب اسد اللّٰہ و اسدالرسول** کہ حمزہ بن عبدالمطلب اللہ کے شیر اور اس کے رسول کے شیر ہیں"

368 : حضور ﷺ نے شہدائے احد کی نماز جنازہ کس طرح ادا فرمائی؟

ج : شہداء احد کی لاشیں اکھٹی کی گئیں تو سب سے پہلے سات تکبیروں سے حضرت حمزہؓ کی نماز جنازہ پڑھی، ان کا جنازہ وہیں رہا اور ایک ایک شہید ان کے بازو میں رکھا گیا اس طرح سید الشھداء پر (۷۲) بار نمازِ جنازہ پڑھی گئی۔

369 : حضرت امیر حمزہؓ کی شہادت پر ان کی بہن حضرت صفیہؓ نے کیا کہا؟

ج : حضرت صفیہؓ نے کہا کہ مجھے معلوم ہو چکا ہے کہ میرے بھائی کا مثلہ کیا گیا ہے یہ سب کچھ اللہ کی راہ میں ہوا ہے میں اس پر صبر کروں گی۔

370 : اسلامی لشکر جب جنگ احد سے مدینہ پہنچا تو حضرت حمزہؓ کی بیٹی فاطمہ نے کس سے اپنے والد کے بارے میں یہ پوچھا کہ میرے والد نہیں آئے؟

ج : حضرت حمزہؓ کی بیٹی فاطمہؓ نے حضرت ابو بکرؓ سے اپنے والد کے بارے میں یہ سوال کیا۔

371 : جنگ احد سے جب حضور ﷺ مدینہ تشریف لائے تو حضرت حمزہؓ کی بیٹی فاطمہ نے کیا پوچھا

ج : حضرت حمزہؓ کی بیٹی فاطمہ نے حضور ﷺ کے گھوڑے کی باگ پکڑ لی اور پوچھا میرے باپ کہاں ہیں

372 : جنگ احد سے مدینہ واپسی کے بعد حضرت حمزہؓ کی بیٹی فاطمہ نے حضور ﷺ سے یہ پوچھا کہ میرے باپ کہاں ہیں تو حضور ﷺ نے ان سے کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا کہ اب میں تمہارا باپ ہوں۔

373 : جب حضرت حمزہؓ کی بیٹی فاطمہ نے حضرت حمزہؓ کی شہادت کی کیفیت حضور ﷺ سے پوچھی تو حضور ﷺ نے کیا جواب دیا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا بیٹی! اسے بیان کروں تو تم برداشت نہ کر سکو گی۔

374 : جنگ احد سے واپسی پر جب حضور ﷺ نے انصار کے گھروں سے شہداء کے غم سے رونے کی آوازیں سنیں تو آپ ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا، ہائے حمزہ پر کوئی رونے والا نہیں۔

375 : حضور ﷺ نے جب یہ فرمایا کہ ہائے حمزہ پر کوئی رونے والا نہیں تو انصار نے کیا کیا؟

ج : انصار کو پتہ چلا تو اپنی خواتین کو روانہ کیا، حضور ﷺ نے ان عورتوں کی آواز سنی تو فرمایا اے اللہ! ان عورتوں ان کی اولاد سے اور ان کی اولاد کی اولاد سے راضی ہو جا، پھر فرمایا کہ ان عورتوں سے کہو کہ واپس جائیں اور آج کے بعد کسی مرنے والے پر نہ روئیں۔

376 : حضرت امیر معاویہؓ کے دورِ خلافت میں احد کے راستہ سے ایک نہر نکالی گئی اور یہ نہر حضرت امیر حمزہؓ کے قدموں تک پہنچی تو وہاں کیا کیفیت پائی گئی؟

ج : جب یہ نہر حضرت امیر معاوہؓ کے قدموں تک پہنچی تو پاؤں سے خون بہتا محسوس ہوا۔

377 : حضرت حمزہؓ کو پہلے کہاں سپرد خاک کیا گیا تھا؟

ج : حضرت حمزہؓ کو پہلے وادئ قناۃ کے جنوب میں سپرد خاک کیا گیا تھا۔

378 : بار بار سیلاب کی وجہ سے حضرت حمزہؓ کو دورِ عباسیہ میں کہاں دفن کیا گیا؟

ج : حضرت حمزہؓ کو دور عباسیہ میں بار بار سیلاب کی وجہ سے میدانِ احد کی موجودہ جگہ دفن کیا گیا

379 : جنگ احد میں سب سے پہلے تاجِ شہادت پہننے والے مجاہد کون تھے؟

ج : جنگ احد میں سب سے پہلے تاجِ شہادت پہننے والے مجاہد حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرامؓ تھے۔

380 : جنگ احد میں سب سے پہلے شہید حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرام کے وہ کونسے صحابی بیٹے ہیں جنہوں نے اپنے شہید باپ کی صورت کو کپڑا اہٹا کر دیکھا؟

ج : وہ حضرت جابرؓ ہیں جنہوں نے اپنے شہید باپ کا چہرہ کپڑا اہٹا کر دیکھا۔

381 : جنگ احد کے سب سے پہلے شہید حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرام کی وہ کونسی بہن ہے جس نے اپنے بھائی کی لاش کو دیکھ کر دلدوز چیخ ماری تھی؟

ج : وہ فاطمہ بنت عمرو بن حرام تھیں جنہوں نے جنگ احد کے پہلے شہید بھائی کی لاش کو دیکھ کر چیخ ماری تھی۔

382 : جنگ احد کے سب سے پہلے شہید حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرام کے جنازہ کے بارے میں حضور ﷺ نے کیا اِرشاد فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا تم رؤو یا نہ رؤو جب تک جنازہ رکھا رہے گا فرشتے پروں سے سایہ کئے رہیں گے۔

383 : جنگ احد کے پہلے شہید حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرام کے جنازہ کوان کے اہل خانہ نے آبائی قبرستان لے جانے کی اجازت چاہی تو حضور ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ شہید احد کے گنج شہیداں ہی میں دفن ہوگا۔

384 : جنگ احد کے پہلے شہید حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرام کی قبر (۴۶) سال بعد سیلاب کی وجہ سے شق ہوگئی تو اس وقت شہید میت کی حالت کیا تھی؟

ج : اس وقت بھی میت تر و تازہ تھی بلکہ ان کا ہاتھ ایک زخم پر تھا لوگوں نے ہاتھ ہٹایا تو زخم میں سے خون جاری ہوگیا، ہاتھ رکھ دیا تو خون بند ہوگیا۔

385 : جنگ احد کے پہلے شہید حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرام کے بیٹے حضرت جابرؓ کو حضور ﷺ نے کیا خوشخبری سنائی؟

ج : حضور ﷺ نے حضرت جابرؓ سے کہا کہ اللہ تعالیٰ کسی سے بے پردہ کلام نہیں فرماتا، لیکن اس نے تمہارے باپ سے بالمشافہ گفتگو کی، اللہ تعالیٰ نے تمہارے باپ سے پوچھا کوئی تمنا ہو تو بیان کرو، تمہارے باپ نے عرض کیا، ایک بار پھر زندگی عطا فرماتا کہ تیری راہ میں اسی طرح لڑتا ہوا شہید ہو جاؤں، اللہ تعالیٰ نے فرمایا، جو ایک بار دنیا میں آتا ہے واپس نہیں جا سکتا، عرض کیا مالک! پھر میری نسبت کوئی وحی بھیج دے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ سورۂ آل عمران کی یہ آیت نازل ہوئی:

**ولا تحسبن الذين قتلوا فی سبیل اللّٰہ امواتا بل احیاء عند ربهم یرزقون فرحین بما اتهم اللّٰہ من فضله O** ''جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل ہوئے ہیں انہیں مردہ نہ سمجھو وہ تو حقیقت میں زندہ ہیں، اپنے رب کے پاس رزق پا رہے ہیں جو کچھ اللہ نے اپنے فضل سے انہیں دیا ہے اس پر خوش و خرم ہیں''

386 : وہ کونسے صحابی ہیں جو جنگ احد میں شہید ہوئے اور انہیں فرشتوں نے غسل دیا؟

ج : وہ حضرت حنظلہؓ ہیں جنہیں فرشتوں نے غسل دیا۔

387 : جنگ احد کے شہید حضرت حنظلہؓ کو فرشتوں نے غسل دیا تو ان کا لقب اسی وقت سے کیا ہوگیا

ج : اسی وقت سے وہ ''**غسیل الملائکة**'' قرار دیئے گئے۔

388 : جنگ احد میں حضرت حنظلہؓ تھے تو ان کا باپ کون تھا، اسی جنگ میں کافروں کے لشکر میں تھا؟

ج : حضرت حنظلہؓ کا باپ ابو عامر فاسق کافروں کے لشکر میں تھا۔

389 : وہ کونسے صحابی ہیں جو جنگ احد کے دن حضور ﷺ کی خدمت میں آئے اور اسلام قبول کیا

ج : وہ حضرت **اصیرم عمرو بن ثابت** تھے جنہوں نے جنگ احد کے دن اسلام قبول کیا۔

390 : وہ کونسے صحابی جو جنگ احد کے دن اسلام لائے اور میدانِ جنگ میں کود پڑے اور لڑتے

لڑتے شہید ہو گئے؟

ج : وہ حضرت اصیرم عمرو بن ثابت ہیں جن کو یہ سعادت نصیب ہوئی۔

391 : وہ کونسے صحابی ہیں جن کے بارے میں حضرت ابو ہریرہؓ اکثر لوگوں سے سوال کیا کرتے تھے کہ بتاؤ وہ کون خوش نصیب ہے جس نے نہ ایک روزہ رکھا نہ ایک نماز پڑھی مگر جنت کا حقدار ہو گیا؟

ج : وہ حضرت اصیرم عمروؓ بن ثابت ہیں جنہوں نے احد کے دن اسلام قبول کیا اور اسلام قبول کرتے ہی میدانِ جنگ میں کود پڑے اور شہادت پائی اور حضور ﷺ نے ان کے بارے میں اِرشاد فرمایا کہ بے شک وہ اہل جنت میں سے ہے۔

392 : وہ کونسا نوجوان ہے جس نے جنگ احد میں بڑی جوان مردی سے سات یا آٹھ کافروں کو قتل کیا، حضور ﷺ نے اس کے باوجود اس کے بارے میں یہ فرمایا کہ وہ اہل نار سے ہے یعنی دوزخی ہے۔

ج : وہ قزمان نامی شخص ہے جس نے اس قدر جواں مردی کا مظاہرہ کیا مگر اس نے اللہ اور اس کے رسول کے لئے قتال نہیں کیا تھا بلکہ اپنی قوم کی حمایت میں میدانِ جنگ میں کودا تھا۔

393 : وہ کونسا نوجوان ہے جس نے سات یا آٹھ کافروں کو قتل کرنے کے بعد خود بھی خودکشی کر لی تھی؟

ج : وہ قزمان نامی شخص ہے جس نے اپنی قوم کی حمایت میں یہ اقدام کیا تھا جب زخموں کی تکلیف بڑھ گئی تو خودکشی کر لی تھی۔

394 : میثاقِ مدینہ کی رو سے بیرونی اقدام کی مدافعت میں کون مسلمانوں کی مدد دینے کے پابند تھے؟

ج : میثاقِ مدینہ کی رو سے بیرونی اقدام کی مدافعت میں یہودی مسلمانوں کی مدد دینے کے پابند تھے۔

395 : وہ کون یہودی ہے جس نے جنگ احد کے موقع پر اپنی قوم سے کہا تھا کہ خدا کی قسم تم جانتے ہو کہ اس وقت محمد ﷺ کی مدد کرنا ہم پر فرض ہے پھر جب یہودیوں نے حیلے بہانے کئے تو خود ہی تلوار لی اور یہ کہا کہ اگر میں مر جاؤں تو میرا مال محمد ﷺ کو دے دیا جائے وہ جس طرح چاہیں خرچ کریں؟

ج : اس یہودی کا نام ''مخیرّیق'' ہے۔

396 : حضور ﷺ نے یہودی مخیرّیق کے بارے میں کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا، مخیرّیق یہودی سب سے بہتر ہے۔

397 : علمائے یہود میں حضرت عبداللہ بن سلام کے بعد کون ایمان لائے؟

ج : علمائے یہود میں حضرت عبداللہ بن سلام کے بعد کہا جاتا ہے کہ مخیرّیق ایمان لائے۔

398 : جنگ احد کے بعد اسلامی لشکر کے علمبردار حضرت مصعب بن عمیرؓ کا جنازہ لایا گیا تو حضور ﷺ نے ان کی خاک وخون میں لت پت لاش کو دیکھ کر کونسی آیت تلاوت فرمائی؟

ج : حضور ﷺ نے اس وقت یہ آیت تلاوت فرمائی:

**من المومنين رجال صدقوا ماعا هدوا الله عليه o**

399 : جنگ احد کے شہید حضرت مصعب بن عمیرؓ کی چادر اس قدر چھوٹی تھی کہ سر ڈھانکتے تو پیروں خالی رہ جاتے اور پیر چھپاتے تو چہرہ کھل جاتا اس صورت میں حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا کہ اس شہیدِ راہِ حق کا سر چھپا دیا جائے اور پاؤں پر اذخر گھاس ڈال دی جائے

400 : شہداءِ احد کو کس طرح کفن دیا گیا؟

ج : دو دو شہداء کو ایک ایک چادر میں کفن دیا گیا۔

401 : شہداءِ احد کو کس طرح دفن کیا گیا؟

ج : دو دو اور تین تین شہداء کو ایک ہی قبر میں سپرد خاک کیا گیا۔

402 : شہداءِ احد میں جن صحابہ کو ایک ساتھ دفن کیا گیا اس میں کیا ترتیب تھی؟

ج : جن صحابہ میں آپس میں دوستی اور محبت تھی انہیں ایک ساتھ دفن کیا گیا۔

403 : شہداءِ احد میں حضرت حمزہؓ کے ساتھ کس کو دفن کیا گیا؟

ج : شہداءِ احد میں حضرت حمزہؓ کے ساتھ حضرت عبداللہ بن جحشؓ کو دفنایا گیا۔

404 : شہداءِ احد میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرام کے پہلو میں کس کو دفنایا گیا؟

ج : حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرام کے پہلو میں حضرت عمرو بن جموحؓ کو دفنایا گیا۔

405 : شہدائے احد میں حضرت نعمان بن مالکؓ کے ساتھ کن دو صحابہ کو دفنایا گیا؟

ج : شہدائے احد میں حضرت نعمان بن مالکؓ کے ساتھ عبدہ بن خشخا اور محذر بن زیاد کو اکٹھے دفنایا گیا۔

406 : کیا شہداءِ احد کو غسل دیا گیا؟

ج : شہداءِ احد کو غسل نہیں دیا گیا اور خون آلود کپڑوں ہی میں دفن کیا گیا؟

407 : شہداءِ احد کے قیامت کے دن اٹھائے جانے کے بارے میں حضور ﷺ نے کیا اِرشاد فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے اِرشاد فرمایا کہ قیامت کے دن یہ اس طرح اٹھائے جائیں گے کہ ان کے زخموں سے لہو بہتا ہوگا، خون کا رنگ تو یہی ہوگا لیکن اس کی خوشبو مشک جیسی ہوگی۔